ہزارون لاکھون

آہ شرر فشان کا برا ہو شب فراق
آتش
لاکھون مکان اوس سے ہزارون مکین جلا

لاکھون

تھی نہ امید رہائی کی دل ناسخ کو
ناسخ
لاکھ زنجیر ترے گیسوے خمدار کی تھی

لاکھون

وصل کے لاکھون اہتمام کئے
بہار عشق
لیکن اوسنے عجب کلام کئے

ممکن تھا کہ آتش ؎ بیسیون ہی مجھے خوش چشم ہرن دکھلایا ۔ کہتے مگر نہ کہا - معلوم ہوتا ہے کہ بیسیون کا لفظ بعد غدر کے رواج پایا ہے - اور بیسیون لاکھ کہنا زیادہ تر تعجب خیز ہے - اور عین بیسیو ہا ماشاء اللہ شاید بہار کے محاورہ ہے اور عورات مین بھی جاری ہے -

اگرچہ اوس حالت میں بعض فعل سے جمع ثابت کی جاے - ورنہ مونثات کیلئے س اور و کے درمیان ایک ی بڑہا کر سیون کہینگے - اور اوس لفظ موث میں علامت تانیث نہ لگائینگے - اور یون کہینگے - سیون عورت آئی ہی - سیون جمع وہاں موجود نہی - مگر اوس وقت کہ لفظ موث کے آخر یای معروف ہو اور سیمیں علامت جمع ان لگائینگے جیسے بہت سیون لڑکیان دیکہ ڈالین - جو لوگ سیون کو سی کی جمع سمجہے ہیں ایکی سے غلطی ہی - دراصل سیون میں ی مونثات کی جمع کی کہنے کیلئے ہے - اور سی کو بعض لسان کا محاورہ ہے -

مولوی سید احمد مولف لغات وغیرہ اپنی کتاب ہندوستانی اردو لغات میں لکہے ہیں سی ہندی - صفت (۱) مثل اور مانند - ۲ (۲) اصل - سر - عمارت - ایک درمہ ٹرا ہوا - سی لسوسے ہندی - صفت (۱) اموری معنی ایک سو (۲) کل تمام سیہیا جیسے گریہ کا سیس لسوسے ہرنا (۳) بالع جل - اعلی - عاقلا - بالغ عورت - ... (۴) اعظم تمام گانون - تمام رس - تمام فصل (۵) اسم س - چیٹ - مثلا جیسے زبردست کے سیول ایک تمام ہوا قول مولوی سید احمد دہلوی کا -

مولف کہتا ہے کہ میں نے سی کی تحقیق کے واسطے سب سے لغات مستند اردو دیکہ ڈالے لیکن اس لفظ کا پتہ چلا یہاں تک کہ نسی سانٹہ کا مشہور محاورہ بہی ملا - حضرت مولوی سید احمد صاحب دہلوی جو اسوقت جامع اللغات اردو ہیں اور ڈاکٹر ملس صاحب کی مدد پر مامور رہے ہیں اونہوں نے اس لفظ کو بہی لکہا تو اردو سے کہا امید ہے - کل اونہوں نے ہندوستانی اردو لغات میں سی کے متعلق تین لغت لکہے ہیں اول خود سی کا دوم سی لسوسے - جسکی تصریح اوپر لکہی گئی ہے سوم سیتا - وہ کتاب جسکے لیے سی مانع ہوں - اور کتاب مخزن المحاورات میں بہی سی کے متعلق یہی لغت ایسا جیسا سو برس کی عمر ہو سے - سیس لسوسے لسوسے سی - سیوں لسوسے -

چند کلیے اور قواعد تذکیر و تانیث و وحدت و جمعیت کے

قاعدہ حرف اضافت اور تشبیہ حالت تذکیر و تانیث و وحدت و جمعیت میں اپنے مضاف اور مشبہ بہ کے موافق ہوتے ہیں جیسے موہن کا قلمدان - بدہو کی کتاب اور موہن کے گھوڑے - بدہو کی کتابیں اور شہر میں زید سا عاقل کوئی شخص نہیں - بنو سی بیوقوف کوئی عورت نہیں -

قاعدہ اون اسمائے صفات کی تذکیر و تانیث و وحدت و جمعیت موافق موصوف کے ہوتی ہے جنکے آخر آیا ہو اور وہ حروف معنوی کے آنے سے تبدیل بھی ہوتے ہوں - جیسے اچھا لڑکا اچھی لڑکی اچھی لڑکیاں - بیچارہ مرد بیچاری عورت بیچارے مرد بیچاری عورتیں -

قاعدہ اکثر اسمائے عدد یا اسمائے ظرف کے آخر ون علامت جمع زیادہ کرنے سے فائدہ حصر یا کثرت کا ہوتا ہے جیسے تینون بھائی آئے زید اپنے پچیسون روپے لیگیا اس سے حصر سمجھا جاتا ہے - اور برسون گذر گئے اور سیکڑون یا ہزارون مر گئے اس سے کثرت پائی جاتی ہے -

تنبیہ بعض ناواقف برس کے لفظ کو جو معنی سال ہے مونث سمجھکر اسکی جمع بھی برسیں کرتے ہیں - حالانکہ برس مذکر ہے اور اسکی جمع برسون ہوگی رند سے ایک وہ اکیسہ اکیسہ کرتے ہیں تذکرہ + ہرچند ترک عشق کو برسون گذر گئے

افادہ بعض عدد کثرت کیواسطے مقرر کر دئے گئے ہیں کہ اونکے استعمال سے کثرت سمجھی جاتی ہے جیسے ستر کا عدد کہ شرع اسلام میں کثرت کیلئے مستعمل ہوتا ہے اور ہندی روزمرہ میں بیس کا عدد ہے کہ کثرت ظاہر کرنے کے لئے ون سے جمع کرکے بیسون کہتے ہیں - جیسے بیسون آدمی تھے - مگر یاد رہے یہ مذکر کے لیے اکثر اور مونث کیواسطے کمتر استعمال ہوتا ہے یعنی بیسون عورتیں نہیں کہہ سکتے ہیں

اور جب ایسے اسماء الفاظ عربی زبان میں - جن میں الف اور ہای مختفی ہے ترکیب واقع ہو
یعنی مضاف مضاف الیہ عطف وغیرہ ہو تو الف خود یائے مجہول سے بدلیگا اور ہای مختفی کو الف
تذکر یا کر یای مجہول سے بدل دیںگے جیسے اس مدرسے میں حرانی کیا ہے عمدہ عملی لفظ
ہے اسمیں ہای مختفی ہے - چونکہ عمدہ کے لفظ میں کوئی ترکیب واقع نہیں ہوئی اسلئے اس
ہ کو الف سے بدل کر بندی کر لیا - اور یہ حرف معنوی ظرف یعنی میں کے آنے سے بطور
لف الفاظ ہندی یا الف تذکر یا یای مجہول سے تبدیل ہو گئی -

اور یہ قاعدہ تبدیل کا حروف معنوی میں ہی جاری ہے اور جو حروف اضافت اور حروف
تشبیہ اور حروف صفات عددی میں ہی حروف معنوی کے سبب تبدیل ہو گی -

حروف معنوی کی تبدیلی کی مثال جیسے اوسکے پاؤں میں - دراصل اوسکا پاؤں تھا - میں کے سبب ی
حروف اضافت کی تبدیلی کی مثال جیسے زید کے گھوڑے کو الف کا کی ہای مجہول کو کی سبب تبدیل ہوا
حروف تشبیہ کی تبدیلی کی مثال جیسے مجھ سے غریب لڑکے کو سا کا الف یای مجہول سے کو کے سبب بدلا
حروف صفات عددی کی تبدیلی کی مثال جیسے دسویں لڑکے کو دسواں کا الف یای مجہول سے بدل ہوا

کلیہ یہ سمجھنا چاہئیے کہ جن مذکر و مونثات الف کی فہرست صفحہ ۱۱۳ - اور صفحہ ۱۱۴ سے
میں ہے وہ الف اصلی ہیں - یہ الف مذکر یای مجہول سے حروف معنوی کے سبب تبدیل ہو جا
باستثنائے تو ریا - آسرا - ماجرا - وغیرہ جیں الف اصلی ہونے پر تبدیلی واقع ہوتی ہے
اور یہ الف مونث مثل دعا وغا وغیرہ کے نہ تو کسی حال میں یای مجہول سے بدل ہی ہیں
سکتے - اور اسیطرح اون فارسی اور عربی مذکر لفظوں کے الف آخر یا ہای مختفی -
الف جبکہ بحالت ترکیب اضافت یا عطف یاے مجہول سے ہرگز نہ بدلینگے - الف کی
مثال جیسے کہیں عم ہوے ماجرے یا ماجرے سے + غلط ہے یہاں بیان ماجرا کہنا چاہئیے
اور ہای مختفی کی مثال جیسے ذوق دہلوی فرماتے ہیں ع کر سوال کیا تنگی زمانے کو +
کر سمجھے جانے سے اور ہنانے کو + یہاں تیکدہ کہا جائے -

فائدہ جب ایک مرکب (یعنی جملہ) مین کئی اسم قابل تبدیل جمع ہون تب ایک حرف معنوی کے آنے سے سب کی تبدیلی ہوجائیگی - مگر شرط یہ ہے کہ اون سب اسمون پر حرف معنوی کا اثر ہو جیسے اپنے چھوٹے لڑکے کو بلاؤ یہان تینون اسمون پر علامت مفعول کا اثر پڑتا ہے - بخلاف اسکے کہ میرا چھوٹا بھائی اپنے لکھنے پڑھنے مین بہت کوشش کرتا ہے اگرچہ اس مرکب مین پانچ لفظ قابل تبدیلی کے ہین لیکن علامت ظرفیت کا اثر پچھلے تینون اسمون پر ہے - اور دو اسم اول یعنی میرا - چھوٹا بھائی حالت فاعلیت مین ہے اوسمین تبدیلی نہوئی -

فائدہ اسمون کی تبدیلی کیلئے حروف معنوی کا ہونا بہت ضرور ہے خواہ وہ حروف ظاہر مین مذکور ہون جیسا سابق کی مثالون سے معلوم ہوا - یا عبارت مین مذکور نہون - اور اونکے معنی ہی لئے جائین جیسے لڑکے کتاب آگے رکھو اسمین علامت ظرفیت یعنی مین اور مفعولیت یعنی کو اور حرف ندا یعنی اے پوشیدہ ہے مگر اونکی معنی لینا ضرور ہے یعنی اے لڑکے - آگے مین - کتاب کو - رکھو + بخلاف اسکے کہ میرا گھوڑا لاؤ - یہان علامت مفعول کا ہونا اور اوسکے معنے لینا بہت ضرور نہین -

اسیطرح حروف معنوی زبان فارسی اور عربی کے آنے سے بہی اسمون مین تبدیلی ہوجاتی ہے جیسے پشاور سے تا کلکتے تار برقی لگا یا گیا -

تنبیہ یہ قول صاحب قواعد اردو کا صحیح نہین کیونکہ فارسی کے حروف معنوی از بہر در تا وغیرہ ہین - اور عربی کے حروف معنوی مِنْ عَنْ اِلیٰ حَتّیٰ وغیرہ - مگر فصحاے اردو نے قاعدہ مقرر کیا ہے کہ جس لفظ یا اسم مذکر مین ایسے حروف کا لگاؤ ہو - اور اوس لفظ یا اسم مین الف یا ہ آخر مین ہو تو وہ الف یا ہ یا ے مجہول سے نہ بدلینگے کیونکہ یہ تبدیلی ایسی ہندی الفاظ مین جائز ہے غیر زبان مین تصرف ناروا ہے + اور جو ایسا کریگا وہ ٹکسال باہر یا لیقا عدہ سمجھا جائیگا - اسکا بیان اوپر ہوچکا ہے - دیکھو سلسلہ فوائد فصل اول -

اسطرح دہرہ بدلنے سے اور الفاظ بھی مل سکتے ہیں - مثالیں انکی فصل سوم میں دیکھو

فہرست اون الفاظ کی جنمیں یائے معروف اصلی ہے

اعلی	یحیی	پانی	حی	دہی	گھی	کسٹری	سبھی
سوئی	وادی	امتی	[illegible]	ماسی	والی	قوالی	لالی
لیالی	حوالی	ہوالی	اہالی	ساسی	نواحی	طوطی	

ان الفاظ میں تانیث بدلنے سے اور بھی اسطرح کے الفاظ ملیں - یائے معروف سے الفاظ اور بہت مذکر ہو جاتے ہیں - مثالیں انکی بھی بقدر ضرورت فصل سوم میں ملینگی -

اسم غیر سالم

وہ ہے جسکے آخر آ یا ہ ہو اور اسکے صیغہ واحد میں بسبب آنے یا مقدر رہنے حرف معنوی یا روابط یعنی علامت فاعل یا اسم فاعل یا مفعول یا اضافت یا ظرفیت یا تمیز یا حرف ندا یا جو اسم ظرف کے + آ یا ہ ساتھ یائے مجہول کے بدلجاتا ہے عام اس سے کہ وہ اسم جامد ہو یا اسم مشتق مصدر ہو یا صفت - مگر کسی شخص یا چیز کا نام ہو - یعنی علم میں اگر آ یا ہ علامت مذکر ہوگی یائے مجہول سے بدلی ہوگی جیسا فصل اول میں بیان ہوا -

[illegible]	[illegible]	لیے	والا	کو	کا	میں	پاس	سے	اے
اسم جامد	پرندہ / گھوڑا	پرندے کے لیے / گھوڑے کے لیے	پرندے والا / گھوڑے والا	پرندے کو / گھوڑے کو	پرندے کا / گھوڑے کا	پرندے میں / گھوڑے میں	پرندے پاس / گھوڑے پاس	پرندے سے / گھوڑے سے	اے پرندے / اے گھوڑے
اسم مفعول	لکھا ہوا	لکھے ہوئے کے لیے		لکھے ہوئے کو	لکھے ہوئے کا	لکھے ہوئے میں	لکھے ہوئے پاس	لکھے ہوئے سے	اے لکھے ہوئے
اسم فاعل	لکھنے والا	لکھنے والے کے لیے	لکھنے والا	لکھنے والے کو	لکھنے والے کا	لکھنے والے میں	لکھنے والے پاس	لکھنے والے سے	اے لکھنے والے
صفت مصدر	اچھا / پڑھنا	اچھے کے لیے / پڑھنے کے لیے	[illegible]	اچھے کو / پڑھنے کو	اچھے کا / پڑھنے کا	اچھے میں / پڑھنے میں	اچھے پاس / پڑھنے پاس	اچھے سے / پڑھنے سے	اے اچھے / اے پڑھنے

باقی لفظوں کی مثالیں نہیں ملیں مگر محاورے میں انکا الف یاے مجہول سے بدلتا ہے

تنبیہ مگر عصا اور غوغا اور بینا کے الف کو جو لوگ یای مجہول سے بدلتے ہیں اسکی سماعت نہیں ہوتی۔ اور طوبی میں خود یای معروف ہے۔

فہرست الفاظ مؤنث جنمیں الف اصلی ہے

آسیا	آہ و بکا	آلا	آپا	آیا	آب و غذا	آب و ہوا	ابتدا
ابا	ادا	ایذا	انگیا	اتا	انشا	التجا	اشتہا
انا	اجوہیا	اکتفا	استغنا	استدعا	انتہا	اقتدا	اعتنا
استلا	استرضا	بڑھیا	لقا	بلا	بنا	برایا	بہاکا
بیجا	بڈھیا	بٹیا	بلٹیا	بوا	بڈیا	بدہیا	بہت کٹیا
پروا	پچھوا	پردا	پوجا	پھڑیا	پنکھیا	تمنا	ٹکیا
ٹھلیا	ثنا	جا	جزا	جٹا	جفا	جمنا	جلا
جانگیا	چڑیا	چوں چرا	چھالیا	حیا	حنا	پت جھڑی	خطا
دتا	دغا	دنیا	دوا	دیا	دبیا	روا	رضا
رعایا	ریا	سسرا	سزا	سنکھیا	سبھا	سما	سٹیلا
شفا	شہنا	صبا	صیدا	صفا	صہبا	ضیا	عطا
عبا	عقبیٰ	غذا	فضا	غنا	قبا	قرنا	قضا (تقدیر)
قینیا	قلیا	کبریا	کربلا	کمینا (عورت)	کیمیا	کھمیا	کوکلا
کتھا	کالٹیا	گنگا	کھٹا	گڑھیا	گیا	گھٹیا	گڑیا
لنکا	نانا	نیتا	مرجا	ملیدا	ماما	ندا	نوا
واویلا	وبا	وفا	ولا	ہوا	ہوا	ہمزا	

فہرست الفاظ مذکر جنمیں الف اصلی ہے

آسرا	آشنا	آقا	اِبا	ادعا	اِدرا	اِسما	الغا
مادیا	پا	ثریا	شفا	خطا	درا	دریا	دیبا
ذکا	رضا	زرنا	سراپا	سما	مہا	شہا	شیدا
صحرا	طغرا	للا	طوبا	عصا	عما	عطا	عنقا
عوغا	لوا	توا	ماجرا	ماورا	دعا	مصلا	سما
من وسلوا	سوتیا	نیا	توا	مورپا	حلوا	سودا	تہا
ہما	حلوا	حوبا					

فائدہ طوبیٰ مصطفےٰ وغیرہ میں اگرچہ یای تحتانی ہے مگر پڑھے میں الف آتا ہے اسلیے اسکو الف اصلی کے شامل کیا۔

تنبیہ اکثر محاورہ قاعدے کو اولٹ دیتا ہے اور غلط العوام آخر غلط العام ہوکر فصحا میں بھی مستعمل ہوجاتا ہے۔ مدعا یہ ہے کہ ان الفاظ مالا میں چند الفاظ ایسے ہیں کہ انکے آگے حروف معنوی جو آئے تو انکا الف یاے مجہول سے بدل جاتا ہے وہ الفاظ یہ ہیں

آسرا	سراپا	طغرا	ماجرا	مصلا	سما	سوتیا	مورپا
حلوا	سودا	حلوا					

آسرا - ماجرا دیر
سودا آتش
مورپا صبا
سرتیا سحر
حلوا سم

کہتے تھے اہلبیت محمد آسرے تو ہو
سودے میں تیرے [illegible]
کیا عمد [illegible]
در [illegible]
حلوے کی [illegible]

گھر [illegible] سے [illegible]
مطلق [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

وآ مذکر کے واسطے زیادہ کرنے سے مردوا بنجاتا ہے - اور کبھی یا بھی
علامت تصغیر مرد کے لئے ہوتی ہے جیسے حسین بخش سے حسین بخشا - پہچان
اسکی یہی ہے کہ جسکے اسم میں یا آخر میں ہوگا وہ نام مونث ہے اور جسکے آخر میں
وآ یا آ ہوگا وہ نام مذکر ہے -

اور فارسی کے اسم تصغیر میں جاندار کے لئے ک اور بیجان کیلئے چہ زیادہ کرنے سے
اسم تصغیر مذکر ہو جاتا ہے جیسے مردک طفلک باغچہ صندوقچہ

مضاف و مضاف الیہ میں جب چاہتے ہیں کہ دو لفظ کو ایک لفظ کر کے ایک
چیز کو اوس سے موسوم کریں تو علامت اضافت کی اوسمین سے دور کر کے مضاف کو
مضاف الیہ پر مقدم کرتے ہیں اور علامت مذکر و مانیث بھی مضاف سے لیکر مضاف
الیہ کو دیتے ہیں جیسے منہ کا بڑا - قدم کا ہونڈا - وغیرہ کو بڑ منہا - بھڑ قدما -
نھڑ جبا وغیرہ مذکر کے لئے اور الف کو ی سے بدلکر مونث کیواسطے -

اسم سالم و غیر سالم کا بیان

باعتبار تبدیل اور عدم تبدیل کے اسم کی دو قسمیں ہیں سالم اور غیر سالم -
اسم سالم تبدیل نہیں ہوتے باوجودیکہ آ اور ہ علامت مذکر یا ہ علامت
اسمای مونث عربی ہو - یعنی بسبب آنے حروف معنوی کے ان آ اور ہ کی تبدیلی ساتھ
یای مجہول کے نہیں ہوتی - اور یہی الف اصلی ہے جسکا ذکر فصل اول صفحہ ۱۶ سے
شروع ہوا ہے اور بصراحت لکھا گیا ہے - اور ان باتوں کی تکرار بھی جا بجا ہوئی ہے
تاکہ مبتدی کو فائدہ پہنچے - عیان شال او سکی اسطرح ہے جیسے ملکہ نے کہا خدا کے فضل سے
سب خیریت ہے - مگر تم ہماری دعا کی سبب سے اچھے ہوئے ہو - اس فقرہ میں ملکہ میں ہای مختفی ہے
اور دعا میں الف ہے - اور یہ دونوں لفظ مونث ہیں - اور خدا میں الف ہے اور خدا کی تذکیر ثابت ہے
تو باوجود آنیکے حروف معنوی نے اور سے کہ اور میں کے نہ وہ ہای مختفی یای مجہول سے بدلا اور نہ وہ الف

علامت	اسم	ترکیب	کیفیت
گیر	گل	گلگیر	گیر کا لفظ اسمای مذکر و مؤنث دونوں کے ساتھ مذکر ہوگا جیسے آہنگر
باف	سو	سوباف	جیسے بوریا باف یہ باف بھی مذکر و مؤنث اسماء میں بولا جا سکتا
پن	بانک	بانکپن	مذکر و مؤنث کے ساتھ ایک ہی طرح مستعمل ہوگا جیسے تو کا مسافرپن
گر	زر	زرگر	ایضاً جیسے آہنگر و مزہ مگر مؤنث کے لئے رن کا لفظ لگا سکتے ہیں
اس	میٹھا	مٹھاس	ایضاً جیسے کھٹاس بکواس یہ مؤنث ہی مستعمل ہیں یہ علامت کیفیت ہے
آہٹ	سڑا	سڑاہٹ	ایضاً جیسے کڑواہٹ یہ علامت لوس کے متعلق ہے اور مؤنث ہے
یا	جانگھ	جانگھیا	ایضاً جیسے انگیا یہ مؤنث ہے اور علامت ظرفیت کی ہے
کش	کوہ	کوہکش	ایضاً جیسے مہرکش - گورکش یہ مذکر ہے مؤنث کیلئے مثل لفظ [illegible]
بند	کمر	کمربند	ایضاً جیسے ازاربند مذکر ہے اور علامت فاعل
بان	باغ	باغبان	ایضاً جیسے ساربان مذکر ہے اور یہ علامت صاحبیت ہے

واضح ہو کہ ایسی بعض العامات دوبارہ ہی لکھے گئے ہیں جن کو پہلے ہی لکھنا تھا - مگر اس سے تشریح منظور ہی -

اسم حالیہ

اسم حالیہ وہ ہے جو کیفیت اور ہیئت فاعل و مفعول کو بیان کرے ہندی میں اکثر صیغہ ماضی شرطی کا اسم حالیہ ہوتا ہے - پس جیسا اسم ہوگا ویسا ماضی شرطیہ الف یا یائی معروف کا استعمال ہوگا - جیسے حبش حبش ہنسا ہوا جاتا تھا مرد اور جیسے ناچتی ہنستی ہوئی جاتی تھی مؤنث

اسم تصغیر

اسم تصغیر میں اسم کے آخر ا یا یا مؤنث کیلئے زیادہ کرنے سے گٹھری سے گٹھریا - اور بچی سے بچیا اور سمرن سے سمرنیا اور رحمت سے رحمتیا بجائیگا - اور

گلستان یوسفستان وغیرہ مگر شبستان کا لفظ مفید الشعرا میں بھی جناب جلال نے مذکر لکھا ہے - لیکن گلزار نسیم میں مونث بندھا ہے ؎ بولا وہ کہ دیکھی اک شبستان + شعلہ ہوا انجمن میں رقصان + اگرچہ کتابت کی غلطی کہہ سکتے ہیں - اور دیکھا اک شبستان ہو سکتا ہے مگر سماعت میں بھی مونث ہے -

اسیطرح گاہ کی علامت تانیث کی علامت ہے - جیسے درگاہ سجدہ گاہ - مگر ذوق دہلوی نے عرصہ گاہ کو مذکر باندھا ہے - اور اسیطرح زار کی علامت سبب تذکیر ہے جیسے گلزار زعفران زار وغیرہ - مگر میر تقی میر نے خارزار کو مونث باندھا ہے مثالیں انکی بیان مختلف فیہ میں دیکھو -

فائدہ

اسیطرح بعض علامتیں اسم کے پہلے لگائی جاتی ہیں - اور بعض بعد - اور وہ اسمار فاعل وغیرہ کی کیفیت دکھاتے ہیں - حسب تفصیل ذیل -

علامت	لفظ	ترکیب	کیفیت
شہ	تیر	شہتیر	جس اسم مذکر پر شہ کی علامت ہوگی وہ مذکر بولا جائیگا جیسے شہتیر شہتوت شہباز اس سے کلانی اور بزرگی پائی جاتی ہے اور اسم مونث پر آنے سے مونث جیسے شہنائی کہ نامی مونث ہے ظفر ؎ ہم شب جو اونکے در کے رہی آڑ میں پڑے * دربان ہمارو اوٹھی کٹھر کار میں پڑے بخوف دل کا شعلہ چڑھا بام چرخ پر + شمشیر آہ و نالہ کے جب بار میں پڑے +
اہل	اقتد	اہل اقتد	اہل کی علامت جس اسم مذکر یا مونث میں ہوگی وہ مذکر کہلائیگا جیسے اہل شہر اہل مجلس اہل معاش اس سے جمعیت اور فضیلت پائی جاتی ہے
ذی	وقار	ذی وقار	جیسے ذی عزت ذی شان ذی جاہ
صاحب	تاج	صاحب تاج	جیسے صاحب جاہ
میر	فرش	میر فرش	جیسے میر مجلس - یہ سب مذکر بولے جائینگے ذو مونث مگر اپنے موصوف کے تابع رہینگے

علامت	ترکیب	معنے	کیفیت
خانہ	بکتخانہ	معروف	مذکر
دان	قلمدان	معروف	مذکر
گاہ	سجدہ گاہ	معروف	مونث اور جو گاہ معنی وقت آئے جیسے بیگاہ سحرگاہ
ستان	دبستان	مکتب خانہ	مذکر
زار	گلزار	باغ	مذکر
شن	گلشن	باغ	مذکر
سار	کوہسار	معروف	مذکر
سال	ٹکسال	جہاں سکہ بنتا ہے	مونث
انداز	پاانداز	پاؤں رکھنے کی جگہ	مذکر

اور عربی کا اسم ظرف مَفعَل مَفعِلہ کے وزن پر آتا ہے بفتح میم جیسے مکتب معنی مدرسہ مذکر محکمہ مذکر مجلس مونث۔

فائدہ اسم ظرف میں اگر علامت مذکر کی ہو تو مذکر ہی بولا جائیگا۔ اگرچہ جوڑ کا لفظ مونث ہو جیسے دان سیہی کے ساتھ مل کر سیہی دان اور خانہ پری کے ساتھ مل کر پریخانہ۔ یہ دونوں مذکر ہیں۔ اگرچہ سیہی اور پری کے لفظ مونث ہیں۔ اسیطرح مونث کی علامت میں بھی سمجھو جیسے گاہ کہ علامت تانیث ہے سجدہ سے مل کر سجدہ گاہ مونث مستعمل ہوئی اگرچہ سجدہ مذکر ہے۔

اسیطرح اسم فاعل میں بھی جیسے گورکن ٹھٹھرکن میں گور ٹھٹھر مونث ہیں مگر کن کے ساتھ مل کر مذکر مستعمل ہوئے۔

اطلاع اسم ظرف کی چند علامتوں میں کچھ گفتگو ہے اور وہ یہ ہے کہ ستان کی علامت جس لفظ میں لگائی جائیگی وہ اسم ظرف مذکر ہوگا جیسے بستان

نمبر	لفظ	معنے	کیا ہے مذکر یا مونث
۱	مضراب	ستار بجانے کا آلہ	مختلف سنا گیا ہے
۲	مقراض	کترنی - قینچی	مونث
۳	مسواک	دانتون	"
۴	مصباح	چراغ	قواعد اردو میں مونث - مفید الشعراء میں مذکر
۵	مفتاح	کنجی	مونث
۶	مصقلہ	صیقل کرنے کا اوزار	مذکر بسبب ہائے مختفی کے
۷	مشعل	معروف روشنی کی چیز	مونث

اسم ظرف

اسم ظرف وہ ہے جسکے معنی جگہ یا وقت کے ہون علامتیں اوسکی مع مثال کے ذیل میں دیکھو

علامت	ترکیب	معنی	کیفیت
نا	جھرنا - رمنا	چراگاہ - سیرگاہ	یہان مصدر نے ظرف کے معنی پیدا کئے - اور یہ مذکر ہے
استھان	دیو استھان	دیو کی جگہ	مذکر
واڑی	پھلواڑی	باغ	مونث
شالہ	دہرم شالہ	معروف	مذکر
پن	لڑکپن	طفلگی	مذکر
الہ	شوالہ	مندر	مذکر
ال	سسرال	معروف	مونث - اور بعض مذکر بھی بولتے ہین
یال	ددھیال ننھیال	معروف	مذکر - اور بعض مونث بھی کہتے ہین
آنہ	آستانہ	دہلیز	مذکر

واحد عربی کے اسم تفضیل کی کیفیت اس نقشے سے معلوم ہوگی۔

مصدر	واحد مذکر	جمع مذکر	واحد مونث	جمع مونث
کِبر	اکبر	اکابر	کبریٰ	کبریات
عِظم	اعظم	اعاظم	عظمیٰ	عظمیات۔
صِغر	اصغر	اصاغر	صغریٰ	صغریات
عِلم	اعلم	اعالم	علمیٰ	علمیات

اسم آلہ

اسم آلہ وہ ہے جس میں اوزار یا ہتھیار کے پائے جائیں۔ جیسے کترنی جو اوزار ہے جس سے کترنے والا کسی چیز کو کترے۔

امر کے آخر نی۔ تی۔ ی۔ بڑھانے سے کبھی فائدہ اسم آلہ کا حاصل ہوتا ہے جیسے بیل سے بیلنی۔ کرید سے کریدنی۔ ریت سے ریتی۔ اور کبھی خود مصدر اسم آلہ کے معنی میں آتا ہے جیسے بیلنا یعنی بیلن۔ سوائے بیلنا کے اون مثالوں میں علامت تانیث ہے۔

اور فارسی میں اسم جامد کے آخر امر حاضر بڑھانے سے کبھی فائدہ اسم آلہ کا ہوتا ہے جیسے بادکش یعنی پنکھا۔ اور یہ مذکر ہے۔ اور اسیطرح جاروب یعنی جھاڑو اور یہ مونث ہے۔

اور اسم آلہ عربی کا مفعل مفعلہ مفعال کے وزن پر آتا ہے یعنی اوسکا پہلا حرف میم زائدہ مکسور ہوتا ہے جیسے مِشغل مصقلہ مضراب اور وزن مفعال کے وزن کا اسم آلہ بہت مستعمل ہے۔ اسکی تفصیل صفحہ ۸ میں دیکھو

اسم فاعل عربی

اردو میں عربی کے اسم فاعل بھی مستعمل ہوتے ہیں۔ نقشہ ذیل سے واضح ہوگا

قسم مصدر	وزن مصدر	مصدر	وزن فاعل	مثال مذکر	مثال مونث	معنے	
ثلاثی مجرد	فِعْل	عِلم	فاعِل	عالِم	عالمہ	جاننے والا	جاننے والی
״	فَعْلَت	رحمت	فعیل	رحیم	رحیمہ	مہربان	رحم والی
رباعی مجرد	فَعْلَلَۃ	ترجمہ	مفعلل	مترجم	مترجمہ	ترجمہ کرنیوالا	ترجمہ کرنیوالی
ثلاثی مزید	اِفعال	انصاف	منفعِل	منصف	منصفہ	انصاف کرنیوالا	انصاف کرنیوالی
״	افتعال	امتحان	مفتعل	ممتحن	ممتحنہ	امتحان لینے والا	امتحان لینے والی
״	انفعال	انہدام	منفعِل	منہدم	منہدمہ	گرنے والا	گرنے والی
״	استفعال	استعمال	مستفعل	مستعمل	مستعملہ	عمل کی خواہش کرنیوالا	عمل کی خواہش کرنیوالی
״	تفعیل	تکریم	مفعل	مکرم	مکرمہ	اکرام کرنیوالا	اکرام کرنیوالی
״	تفاعل	تفاوت	متفاعل	متفاوت		فرق کرنیوالا	
״	تفعّل	تصرف	متفعل	متصرف	متصرفہ	قبضہ کرنیوالا	قبضہ کرنے والی
رباعی مزید	مفاعلہ	تسلسل	متفعلل	متسلسل		زنجیرہ دار	

اسم فاعل تعلیلی

ثلاثی مزید	افعال	اقرار	مفعل	مقر	مقرہ	اقرار کرنیوالا	اقرار کرنیوالی
״	افتعال	اتحاد	مفتعل	متحد	متحدہ	ایک	
״	استفعال	استقامت	مستفعل	مستقیم	مستقیمہ	سیدھا	سیدھی

ہنسیل ہنسیل - اور گاہک کے قیاس پر بھاگک - ہنسک - پوچھک وغیرہ درست نہیں - انتہی کلام الستا -

اردو زبان میں فارسی زبان کے اسم فاعل بھی بہت مستعمل ہیں - اسم فاعل فارسی کی دو قسمیں ہیں - اصلی اور ترکیبی - اصلی وہ ہے جو امر واحد کے آخر لفظ ندہ یا آیا ان بڑھا کر بناتے ہیں جیسے خورندہ دانا - خندان اور ترکیبی وہ ہے کہ جو اسم کے آخر ان الفاظ مذکورہ میں سے صیغہ واحد امر حاضر یا گر گار مند ور ناک - گیں - بان وغیرہ کوئی لفظ بڑھا کر اسم فاعل بنالیں - جیسے نقشہ ذیل سے صحیح ہوگا

۱	امر	تیغ زن	تلوار مارنے والا	ایسے اسم فاعل مذکر کیلئے لفظ زن لگائیں یا ر لگائیں مگر
	"	ملمع ساز	ملمع بنانے والا	مگر مونث کیلئے لفظ زن نہ بڑھائے جیسے رن تیغ زن -
	"	دستار بند	پگڑی باندھنے	اسکے لئے کبھی مونث کیواسطے ن ہی لگاتے ہیں جیسے دستار بندن
۲	گر	زرگر	سونار	اسمیں بھی مونث کے لئے ن لگاتے ہیں جیسے زرگرن
۳	مند	خردمند	عقل والا	مستور مرد و زن لگانے سے مذکر و مونث کا روپ ہوگا
۴	گار	مددگار	مدد کرنے والا	ایضاً
۵	ور	ہنرور	ہنر والا	ایضاً
۶	ناک	غمناک	غم والا	ایضاً
۷	گیں	غمگین	"	مونث کے لئے ہے مختفی بھی بڑھاتے ہیں جیسے غمگینہ
۸	بان	فیلبان	ہاتھی والا	مونث کیواسطے بان کے آگے ن بڑھا کر فیلبانن دربان شتربان بھی کہتے ہیں - بخلاف مہربان کے

اسم فاعل عربی

اردو میں اکثر عربی کے بھی اسم فاعل مستعمل ہوتے ہیں نقشہ صفحہ ۸ سے صحیح ہوگا

یای معروف سے یعنی والی کہا جائیگا۔ اور جمع مونث کے واسطے والی کے علامت ان بڑہکر والیان کہا جائیگا۔
اور کبھی فعل یا اسم کے آخر ی یا آ زیادہ کرنے سے اسم فاعل بنجاتا ہے۔ جیسے بھکاری۔ لالچی۔ ہندی ہیں۔ اور گویا۔ بینا۔ فارسی ہیں۔ مگر یہ مذکر مونث کے لئے یکسان ہیں۔
اور کبھی ہندی مصدر پیرنا سے پیرا لیکر اسکے آگے ک بڑہاکر پیراک کہتے ہیں یہ بھی مذکر و مونث میں یکسان ہے جیسے پیراک مرد۔ پیراک عورت۔
اور کبھی اسم کے آخر لفظ چی بڑہانے سے فایدہ اسم فاعل کا ہوتا ہے جیسے خزانچی مشعلچی کبھی اسکو مذکر و مونث کیلئے یکسان بولتے ہیں۔ کبھی مونث کے لئے ی کے بدلے ن بڑہاکر مشعلچن کہتے ہیں۔
میر انشاء اللہ خان دریای لطافت میں لکھتے ہیں کہ فاعل کے اقسام میں یا اصلی ہوگا۔ اور اصالت سوای اسم جامد کے دوسرے میں نہیں۔ یا غیر اصلی اور وہ اسم فاعل اور صفت مشبہ اور مبالغہ اور اسم مفعول ہے۔
فائدہ لفظ والا کہ اسم فاعل مذکر۔ اور والی کہ اسم فاعل مونث کیلئے ہے یہ ہر لفظ کے ساتھ مل سکتا ہے۔ جیسے کہنے والا۔ جانے والا۔ گہاس والا روٹی والا مکان والا کہیت والا۔ اسکو مونث کیواسطے والی کرلو + بخلاف صیغہای صفت مشبہ کے۔ کہ وہ بہگو۔ بہگوڑا۔ ہنسوڑ۔ رودو۔ دبیل۔ مریل۔ گاہک۔ جلکریا۔ لراک۔ کہلاڑ۔ نکیلا۔ رسیلا۔ رنگیلا سجیلا۔ ٹہیلا۔ کہلنڈرا۔ مرجہورا۔ چہلا۔ اوچکا وغیرہ۔ اب اپنی جسطرح بہگو اور بہگوڑا ہے اسکے قیاس پر۔ ہنسو اور ہنسوڑا۔ اور پوچہو اور پچہوڑا یعنی ہنسنے والا اور پوچہنے والا۔ صحیح نہیں۔ اسیطرح دبیل کے قیاس پر ہکیل

قطع و برید - گفت و شنید - تراش خراش - دار و گیر - گیر و دار - دوا دوش - جست و جو - یہ سب مونثات میں ہیں -

مذکر حاصلمصدر ہندی فارسی کی مثالیں

چھڑکاو	آتش	شوق حرام میں عشق وقتا سے رہی یار	چھڑکاو ہو رہا ہے رخ پر گلاب کا
چلن	برق	انداز میں وہ حور ہے لعنت ہے پری کا	منہ چاند سے جلیے میں چلن کبک دری کا
ملاپ	ظفر	غیر سے چھٹ کر کیا سایہ انکا دیکھے ملاپ	اور ہم کرتے تو تم دیکھتے سو طرح کے ملاپ
دماو	ظفر	دالو سر کیا تم انداز دماو کس کا	سب وصل آپکے ہیں تمکو دماو کس کا
دکھاو	ظفر	اپنے کوٹھے پہ جو کی آپ نے دیوار بلند	دیکھا اے پریوش تمہیں دکھاو کا

فارسی حاصلمصدر بعید الشعرا میں شکست اور سوز و گداز ہی ہے -

عربی مصادر کا حاصلمصدر

مصادر عربی کو اردو والے بجائے حاصلمصدر کے استعمال کرتے ہیں جیسے ضرب کے معنی مارنے کے ہیں اوسکے معنی مار یا چوٹ کے لیتے ہیں - اور یہ مونث ہے - میرانیس ۵ حریفوں کے ہی دم بند ہوئے ضرب سے اوسکی + تھرا رہی تھی کاوہ میں ضرب سے اوسکی +

اسم مشتق کا بیان

اسم مشتق کی سات قسمیں ہیں - اسم فاعل - اسم مفعول - صفت مشبہ - اسم تفضیل - اسم آلہ - اسم ظرف - اسم حالیہ -

اسم فاعل

اسم فاعل وہ ہے جو فاعل کی ذات کو بتلا دے - اکثر ہندی میں مصدر یا حاصلمصدر کے آخر لفظ والا بڑہانے سے اسم فاعل بنتا ہے - مگر مصدر کا الف مذکر واحد و جمع میں یاے مجہول سے بدلجائیگا - اور مونث واحد کیلئے

مونث حاصل مصدر ہندی اور فارسی کی مثالیں -

لفظ	شاعر	مصرع	مصرع
مار	رند	عشق ابرو نے مجھے ڈالدیا مرغ بسمل	جبکہ رفتہ دیا جواں مار نے تلوار کی
چھیڑ	صبا	عرش تک نالے ہمارے جائینگے	چھیڑ چرخ کینہ جو اچھی نہیں
چال	ناسخ	ہر قدم پر یہ ناز ہے کب کب	کبک نے تیری چال اڑائی ہے
الٹوان	رشک	جتنے کروں گناہ کبیرہ ملے ثواب	کہتے ہیں الٹوان اسکو کبیر کی
بوباس	اسیر	سب ہیچ ہے گر باس نہ بو نکی ہوائی	اب وہ گرد حسین ار رضا مند ہوائی
برداشت	ناسخ	لطف شراب سے ہے خبر مجھکو کیا ملا	برداشت ساقیا نہیں مجھکو خمار کی
نمود	ناسخ	مجکو ہر گوشہ صنم کی آب کا یہ ہوا اثر	سبزۂ خط نے جو کالو نیر نمود آغاز کی
شست شو	صبا	تن کو کیا دھوتا ہے دلکو پاک کر	اے نجس یہ شست و شو اچھی نہیں
دید	بحر	تری دید اے بت جو حاصل ہوئی	یہ تیلی تماشے کے قابل ہوئی
آمد و شد	اسیر	آمد و شد نفس جنکی بیکار نہیں	حال آئندہ و رفتہ کی خبر دیتی ہے
گفتار	ناسخ	ہوئی مانند ابر گوہر بار	لب معجز بیان سے کی گفتار
گفتگو	انیس	گلشن میں یا صبا کو جستجو تیری ہے	بلبل کی زبان پہ گفتگو تیری ہے
تیزی	دبیر	یہ عمر کی جلدی نہ یہ تیزی ہے اجل کی	لاتا ہے خبر دم میں ابد اور ازل کی
خاموشی	ناسخ	کیوں نہ خاموشی خوش آئے بلبل تصویر کو	لطف کیا میری طرح جو آہ بے تاثیر کی
کاوش	بحر	اچھی نہیں کاوشیں رقیبو	کانٹے نوک کوئی بھلا ہے
کشش	دبیر	کچھ کشش تیغ نے کی اور کچھ اونسے بلند	آخر کار ہوا تن سے سر اکبر جدا
گردش	ناسخ	پھر روزی ہے عجب گردش جوان مرگی	کسنے طفلی میں بھلا تدبیر کی تھی شیری
گری	بحر	ہم رحمیوں کے ساتھ نہ رکھے پر گریاں	آتا ہے پر اپنے دل کا کالے بخار جاند

از مفید الشعرا - آمد و رفت - زد و کوب رفت و روب زد و گشت تک و دو

رو اردو خرید و فروخت شکست و ریخت بود و باش نشست و برخاست جست و خیز -

حاصلمصدر فارسی کا بیان

فارسی کا حاصلمصدر بھی اردو میں مستعمل ہے اور بطریقہ سماعت حاصلمصدر بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ علامت مصدر فارسی یعنی دن یا تن سے نون دور کر دینے کے بعد جو صیغہ واحد غایب ماضی مطلق کا باقی رہتا ہے اکثر وہی حاصلمصدر ہوتا ہے جیسے دیدن سے دید - خریدن سے خرید - فروختن سے فروخت - اور کبھی دو صیغے ماضی مطلق کے جو معنی میں متضاد ہوں فایدہ حاصلمصدر کا دیتے ہیں - جیسے نوشت و خواند آمد و رفت - اور کبھی ماضی اور امر کے ملنے سے فائدہ حاصلمصدر کا ہوتا ہے جیسے گفتگو جستجو - اور امر واحد حاضر کے آخر ش ماقبل مکسور یا ہ یا ی یا ائی زیادہ کرنے سے بھی حاصلمصدر بنتا ہے جیسے خواہش - سفارش - اندیشہ - خاموشی دانائی - بعض اوقات صیغہ واحد غایب ماضی مطلق کے آخر لفظ آر یا گی زیادہ کرنے سے حاصلمصدر بنتا ہے جیسے رفتار گفتار آسودگی فرسودگی - اور کبھی حرف ی یا گی اسم صفت وغیرہ کے آخر بڑھانے سے بھی حاصلمصدر کے معنی ہو جاتے ہیں جیسے گرمی سردی ماندگی - اور کبھی امر کا صیغہ خود فایدہ حاصلمصدر کا دیتا ہے جیسے خواہش شناخت -

بہر حال حاصلمصدر ہندی ہوں یا فارسی - اردو میں بہت صورت سے مستعمل ہیں اور بہت مذکر ہیں - اور بعض مشترک اور مختلف -

تنبیہ بعض ناواقفوں کو خیال ہے کہ جس لفظ کے آخر ت ث ش ہ آئے وہ مونث ہے - حالانکہ یہ خلاف ہے - بلکہ جس کے آخر ساخت یا تاے مصدری عربی یا ش حاصلمصدر آئے وہ لفظ مونث ہے - کیونکہ الفاظ درخت و گوشت وغیرہ تانیث نہیں ہو سکتے اصطلاح ش لغد ہ ہی ہے -

یا اگر ہیں - وہ ایک سے برتاو سے سند نہیں ہو سکتی -

بیان حاصل مصدر ہندی کا سماعی کی صرف و نحو میں

جاننا چاہیے کہ مصدر دلالت کرتا ہے فعل کے صادر ہونے پر - فاعل سے - یا اوسکے قایم ہونے پر فاعل کے ساتھ جیسے کھانا یا کھلانا اس بات پر دال ہے کہ یہ فعل زید سے مثلا صادر ہوا - اور مرنا اور جینا دال ہے اس امر پر کہ موت اور حیات مردہ یا زندہ کے ساتھ قیام رکھتی ہے - اور ایک کیفیت نفس الامری اس سے مفہوم ہوتی ہے - جو اسم اسپر دلالت کرے اوسکو حاصل مصدر کہتے ہیں - اور اوسکی بنائیں لا تعد ولا تحصے ہیں اور سب سماعی ہیں - بعد تتبع اور استقرا کے معلوم ہوا کہ علامت مصدر کی گرانے کے بعد باقی رہتا ہے - کبھی وہی حاصل مصدر ہوتا ہے جیسے پکارنے سے پکار اور مارنے سے مار اور بیٹھنے سے بیٹھ اور لوٹنے سے لوٹ اور کاٹنے سے کاٹ اور اوتارنے سے اوتار اور بگاڑنے سے بگاڑ اور اسیطرح سوار اور سہار اور سمیٹ اور لپیٹ اور جیت اور ہار اور کبھی اوسکے اخیر میں واو فقط زیادہ کرتے ہیں جیسے لگانے سے لگاو اور چڑہانے سے چڑہاو اور دبانے سے دباو اور بچانے سے بچاو اور کبھی الف مع الواو جیسے سمٹنا یا سمیٹنے سے سمٹاو اور پھیلنے سے پھیلاو اور بہنے سے بہاو اور اوبھنے سے اوبھاو * اور الف اور یای فارسی زیادہ کرنے سے جیسے ملنے سے ملاپ مگر زیادتی ان دو حرف کی سوا ان لفظ کے اور جگہ نہیں دیکھی گئی - اور بعض اسما جامد کے اخیر میں الف اور یاے فارسی مع الف بھی لاتے ہیں مثلا بہناپا یعنی بہن بنانا ایک عورت کا دوسری عورت کو - اسیطرح ہنسنے سے ہنسی کہنے سے ... بڑبڑانے سے بکری اور بڑبڑنے سے بڑبڑتی اور بہرنے سے بہرتی - اور کبھی اسم جامد ... ی بڑہانے سے جیسے ستہرا سے ستہرائی اور کبھی اسم جامد سے حاصل مصدر ... ہوتے ہیں - جیسے جھمیل ریل - اور جب اونکے اخیر میں الف زیادہ کرتے ہیں تو

جھمیلا اور ریلا ...

جیسے چال۔ ڈال۔ مونث۔
اور کبھی اوسکے آخر لفظ ہٹ یا ن یا ی بڑھانے سے جیسے سرسراہٹ۔
جلن۔ کھلائی۔ پلائی مونث۔
تنبیہ صاحب کارآمد شعرائے معنیٰ میں لکھا ہے کہ جس کلمۂ ہندی کے
آخر میں نون مصدری آتا ہے وہ مونث استعمال پاتا ہے مانند اینٹھن۔ اوٹھن
جلن۔ سوجن۔ دھڑکن۔ پھڑکن۔ چلن۔ وغیرہ کے سوای چلن کے کہ مذکر ہے
مگر صاحب قواعد اردو کے نزدیک اور میرے عندیہ میں یہ حاصل مصدر ہے نون مصدری
کی کیا ضرورت ہے
اور کبھی صیغہ امر واحد حاضر کے آخر ن مالعطوف یا س یا پ ملانے سے بھی حاصل مصدر
ہوتا ہے جیسے لگان اوڑان سجاوٹ بناوٹ پیاس ملاپ مونث
تنبیہ کہ ملاپ فصحا میں مذکر مستعمل ہے۔ مصرع غیر سے ملکر کیا سارا لگاوٹ کے ملاپ + اور جیسے کرتے ہو تم دیکھے سو جھکے ملاپ + دہلی کی مثال ہے اور
لکھنو کی مثال کیلئے منتخب الشعرا جلال لکھنوی کا صفحہ ۱۹ دیکھو۔ غرض دونوں جگہ مذکر ہے +
اور تراوٹ کو تروٹ بغیر الف ہی بولتے ہیں۔
اور کبھی حرف س مہملہ یا ی اسم صفت وغیرہ کے آخر آنے سے فائدہ حاصل مصدر کا
ہوتا ہے جیسے مٹھاس کھٹاس کنجوسی بری وغیرہ۔
تنبیہ مرزا رفیع سودا نے ایک قصیدے میں قافیہ کے لئے حاصل مصدر بنائے ہیں
جیسے رٹنت کھسکنت سرسبت اکڑنت پھڑکنت سرکنت کدکنت کڑکنت
وکنت وغیرہ۔ اور شیخ محمد جان شاد لکھنوی المشہور بہ بیرد مرنے بھی انکی تقلید کی ہے
اور ایک قصیدے میں کھسکنت اکڑنت وغیرہ لائے ہیں۔ یہ حاصل مصدر خلاف
اہل زبان ہیں۔ کیونکہ اہل زبان جمہور فصحا سے مراد ہے اور استعمال اونکا سند ہوا چاہیے

فُعُول	ناسخ ؎ دکھائی دیگا فلک ایک بلبلے کا پھول + ہماری رونے سے جسدم وفور آب ہوا
مِفعَال	ناسخ ؎ کسو کی انکے رسائی جو ہوسکے تو عرش ہے یہی + عزیز گر نہیں معراج ممکن عرش اعلیٰ کا +
مَفعَل	وزیر ؎ جسم کو جنبش نہیں ہوتی ہے بے تحریک روح + پاؤن سے راکب کے چلتا ہے مرکب کہانکا
مَفعِل	ناسخ ؎ مرا سینہ ہے مشرق آفتاب داغ ہجران کا + طلوع صبح محشر چاک ہے میری گریبان کا
مِفعَل	گویا ؎ آہ موزون کے ساتھ نالہ کرون + خوب مصرع ہے یہ برابر کا + ناسخ ؎ نہ فلک انکو سمجھنا کہ برائے حیدر + سات زینون کا کیا حق نے یہ منبر پیدا
مُفَعَّل	امانت ؎ اوٹھایا خاک سے سر اوسنے بجز خم گشتہ کا جھک کر + ہوا سیدہ مقدر آج اپنے بخت واژون کا +
مَفعُول	گویا ؎ ہے جو مضمون فتنہ انگیز اوسمین تیری چال کا + اب زمین شعر مین بھی خوف ہے بھونچال کا +

ان سب اوزان مین ایک بات کا خیال ضرور ہے یعنی جبکہ آخر پر اونکے یای معروف ہو۔ مونث ہوتے ہین۔ جیسے ترقی۔ تاثی وغیرہ۔

حاصل مصدر کا بیان

حاصل مصدر وہ ہے جو کیفیت معنی مصدر کی تبلاوے۔ اور طریقہ بنانے حاصلمصدر کا یہ ہے کہ اردو علامات کے دور کرنے سے جو صیغہ واحد امر حاضر کا بنتا ہے۔ اکثر وہی حاصل مصدر ہوتا ہے۔ بشرطیکہ اوسکو اہل زبان بھی حاصل مصدر بولتے ہون جیسے لوٹنا۔ مارنا۔ دوڑنا۔ جھپٹنا سے لوٹ۔ مار۔ دوڑ۔ جھپٹ حاصلمصدر ہے مونث۔

اور جس صیغہ جمع امر حاضر مین ہمزہ ہو۔ اوس ہمزہ کو دور کرنے سے اکثر فایدہ حاصلمصدر کا حاصل ہوتا ہے جیسے چڑھاؤ۔ دباؤ۔ بچاؤ۔ چاؤ۔ یہ مذکر ہین۔

اور کبھی صیغہ واحد امر حاضر کے اول حرف کے بعد الف کے زیادہ کرنے سے حاصلمصدر بنتا ہے

فَعَل سوای فتح و سحت - گویا ہ محرمیں اور اوس میں اب السا ہے ہجوم اشکا + دخل ہو سکتا نہیں ہے یہیں ہچلیم کا +

فَعْل سوای تمر و نظر و ستم - ناسخ ہ پاکاں لذل کو نہیں پہلے مرتی + عیسیٰ کو ضد کچھ بھولے پوری کا +

فِعَل سوای خرمن ناسخ ہ لشار دیکھا کہ عیاں ہل ہلالے سے ہے + مسکن کے بعد ذکر غم و اسیر کا +

فِعْل ناسخ ہ عمر دیا رنج دیا درد دیا داغ دیا + ہو سکیں مجھ سے عوض کیا سری احسانوں کے

فُعْل ناسخ ہ سیکڑوں آہیں کروں پیر و کرکیا آملر کا + سیر ہوا اور دے سے بھی نقش تیر انداز کا +

تنبیہ صاحب دو ہکر کی یہ مثال نقص کی ٹھیک نہیں - کیونکہ نقص بفتح نون ہے - نہ کہ بالضم نون - چنانچہ منتخب میں ہے نقص بالفتح کم کردن و کم شدن و کمی - بلکہ اسکی مثال شرت - قرت - لقد وغیرہ ہے - سند کے شعر اس کتاب کی فصل سوم میں ملینگے -

فَعْلان آتش ہ لک عالم میں ہر چند مسیحا مشہور + تم ہمارے تمکو ضعاں ہے کر چو تھا +

فُعْلان ناسخ ہ ایک کا بھی دفن جائی یہ کیونکر دوسرا + عرصۂ امکاں میں تنگ آئی یہ ملک کا +

تنبیہ مولف کہتا ہے کہ مثداں کی مثال بھی صاحب دو ہکر نے ٹھیک نہیں دی - کیونکہ میداں کی یاے تحتانی ساکن ہے اور فعلاں کا عین مکسور

فَعَلان ناسخ ہ نہیں ہے معتقد مرا اگر حاسد تو کیا غم ہے + ہوا ہے سجدۂ ابلیس کیا نقصان آدم کا +

اب کتاب دوپیکر سے مذکرات مصادر عربیہ کی کیفیت لکھی جاتی ہے - وہ لکھتے ہیں کہ مصادر اسمای عربی مذکر ہوا کرتے ہیں سوا بعض کے - پس تفصیل کیلئے عربی اوزان مقرر کرکے ہر ایک کی مثال مع استثنای الفاظ شاذہ نیچے لکھی جاتی ہے -

اِفعَال	گویا ؏ طایر جان کو نامہ بر کیجے + کون احسان لے کبوتر کا + غالب ؏ وا ہے گر میرا ترا انصاف محشر میں نہو + اب تلک تو یہ توقع ہے کہ واں ہو جائیگا +
اِفتِعَال	سوائے احتیاج - احتیاط - مذکر کی مثال میں ناسخ کا اشتقاق والا شعر دیکھو صفحہ ۹۳
اَفعِیلَال	نسیم دہلوی ؏ مدتیں گذریں کہ اطمینان اونکا کر دیا + نالہ بے سود نے فریاد بے تاثیر نے
اِنفِعَال	گویا ؏ انقلاب عشق آخر چرخ نے دکھلا دیا + یعنی وہ لیلی شمایل ہی مرا مجنون ہوا
تفاعل	اسیر ؏ قیاس ہے بند ہی ہے ذبح کے دم آنکھ مری تھی + رہا دلمیں تلاطم حسرت دیدار قاتل کا +
تفعُّل	سوای توجہ و توقع و تمنا ناسخ ؏ بہار گلشن دین محمد دکہا یارب + ترصد بلبل و لکھو فصل گل کی آمد کا
فاعل	سالک تیری غم میں جنوں نے باطن و ظاہر کئے یکساں + دل صد چاک سے بدتر ہے عالم جیب و داماں کا
فاعل	سالک ؏ نہیں آتے تو یہ کہنا کہ فغاں سے سالک + باعث برہمی عالم ایجاد ہوا + لیکن یہ اکثر تابع رہتا ہے اپنے مدلول کے تذکیر و تانیث میں + جیسے کہتے ہیں فلاں مرد عالم تھا - اور فلاں عورت عالم تھی تنبیہ مولف کہتا ہے کہ باعث کا لفظ خود مذکر ہے اسکو عالم کی طرح نہ سمجھنا چاہیے سوای اسکے عالم مذکر کے لئے ہے اور عالمہ مونث کیواسطے ہے - فلاں عورت عالم تھی نادانوں کا محاورہ ہے -
فَعَال	ناسخ ؏ دیکھا جو دو پہر کو جلال آفتاب کا + آیا ہمیں خیال کسی کی نقاب کا
فِعَال	سوائے مثال کے - اور نقاب مشترک ہے - غالب ؏ یہ نتھی ہماری قسمت جو وصال یار ہوتا + اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا +

مصدر	مثال مذکرات	مستثنیات
مَفعِل	محل	محفل - منزل
مَفعَل	مرجع - مسند	مقعد - علم ہو کر ایک مسند کا نام
اِفعال	احسان - انصاف -	اصلاح - اوراد - مگر ایجاد مشترک ہے -
اِنفعال	انصراف - انحراف -	
تَفَعُّل	تصرف -	توقع -
تَفَعُّل	تسلسل -	
اِفتِعال	اشتیاق - امتحان	احتیاج - احتیاط
اِستِفعال	استخراج -	استصلاح
تَفاعُل	تفاوت -	تواضع -

مع مستثنیات کی مثالیں کلام اساتذہ سے

لفظ	شاعر	مصرع	مصرع
احسان	صبا	بوسہ دیکر وہ صبا کہتے ہیں	یاد رکھیے گا یہ احسان میرا
انصاف	غالب	وائے گر میرا ترا انصاف محشر میں نہ ہو	اب تلک تو یہ توقع ہے کہ واں ہو جائیگا
اشتیاق مذکر	ناسخ	رات مجکو تری آنے سے جو مایوسی ہوئی	انتظار مرگ تھا یا اشتیاق جاں تھا
ترشح مؤنث	تسلیم	ترشح جب ہوئی ابر ہوس کی	ہوئی کچھ انتہا آوارہ پن کی
توقع مؤنث	رند	عہد طفلی سے لگا ہے مجھے الفت کا روگ	ہل گیا کسکو توقع تھی مرے جینے کی
مشعل مؤنث	ناسخ	تو جو آئے تو شب تار میں یاں سر کو	مشعلیں نالۂ شبگیر لئے پھرتے ہیں
اصلاح مؤنث	آتش	شاعر ہوں تو کچھ پیش کروں میں سخن کبھی	اصلاح دیتی ہے مجھے لیے داغ کی
امداد مؤنث	ہدہد	ہاتھ رہتا تھا جیب سوکھ کر اڑا دیا	دست جنوں سے جیب کی امداد یاں ہوئی
املاک مؤنث	سحر	کیا حال ہے پاک ایک ایک کو	منات کی املاک ایک ایک کو
احتیاج مؤنث	رشک	ساقی نہیں تو لطف ہو کیا عیش کا	سمجھ کر احتیاج ہے اول الام کی

رکھتا ہے۔ یعنی جس لفظ کے حرف اخیر کے ماقبل یاے معروف ہو مونث ہے +

اِفعال بکسر اول۔ اگر ان کے آخر مین الف ہو جیسے ابتدا التجا انتہا ابدا وغیرہ تو مونث ہین مگر شاذ جیسے القا اور ایسا ہی اکثر ہوتا ہے کہ جب ان مین بعد الف کے
اِفتعال حاے حطی یا ہاے ہوز یا عین مہملہ ہو تو بہی مونث ہوا کرتے ہین جیسے اصلاح
اِنفعال اطلاع اکراہ وغیرہ

یہان تک بیان صاحب دو پیکر کا تھا۔ اب مولف اون مصادر عربیہ کا ذکر کرتا ہے معہ اونکے مستثنیات کے

مصدر	مثال مذکرات	مستثنیات
فَعْل	قتل	
فِعْل	عِلم	
فُعْل	شُکر	
فِعَال	حساب	
فَعُول	قبول	
فُعُول	دُخُول	
فَعَلان	حَیَران	
فِعْلان	حرمان	
فُعْلان	غُفران	
فَعَلان	خفقان	
فَعْلیٰ	دَعویٰ	
فُعَال	سُوال	
فَعْلَلَۃ	ترجمۃ	

اب ان موثنات کے مستثنات کی مثال لکھتے ہیں

شرب وصال	آتش	سب ورق سے جان بھی جا چکی ہوتی	صبح نے راہ جدا شرب وصل دیا
	غالب	یہ نہ تھی ہماری قسمت کہ وصال یار ہوتا	اگر اور جیتے رہتے یہی انتظار ہوتا
خلعت	امیر	روشن تھا شمع طور سے پرتو حضور کا	خلعت ملا زمین مقدس کو نور کا
؎	برق	جامہ داغوں کا ملا خلعت سودا پایا	

تنبیہ مگر مومن دہلوی نے خلعت کو موٹ باندہا ہے۔ ؎ ای وزیر بلند پایہ بیگ
التفات شہی مبارک ہو + کارگاہ سپہر کی ہر دور + تجکو خلعت نئی مبارک ہو۔ حالانکہ
یہ جمہور کے خلاف ہے۔

اور جلال لکہنوی نے اور بہی مستثنیات لکہے ہیں۔ رایت آل ت لعب ست
جلت لعد امرت - واضح ہو کہ اس بعض لفظ ایسے ہیں جو عربی ہیں ہیں جیسے
ست جلت امرت یہ بہی تمکر نشا سب سے مصدری عربی انکو بہی اسی میں شمار
کر لیے ہیں + رایت کی تذکیر کی مثال یہ ہے ؎ ساتہ رہتی ہے ہمیشہ موج تائید ہوا +
رایت عالی ملے مرالتم کا +

تنبیہ صاحب جلال نے نکہت کو بہی مذکر لکہا ہے حالانکہ نکہت کہیں مذکر ہیں
سنا گیا۔ یہ اونکا سہو القلم ہے یا ادعا۔ جناب حکیم خلف حضرت اسیر فرماتے ہیں ؎
گل میں جو شبو ہے مگر کسب ہے یہ رنگت تیری   پیچ سنبل میں ہے لیکن نہیں نکہت تیری

دیکہیے   اس کتاب دو پیکر میں جو موثنات مصادر عربیہ کا قاعدہ لکہا ہے وہ بہی ملاحظہ ہو

مونث

تفعیل سوای تعوید اور تکفین کے تا سخ کتا ہی بار سے مجہے یوسف سجاتے + تعویذ بنا
ہوں اگر جاے وصل کی + صدا سے توس مشکین سے حق اوس ترک کے تشبیہ دی +
جن میں شہرے ہے آہوسے حق کے ہاتہ پاؤں + جانا چاہیے کہ ہر دل اوس کلمہ سے علاوہ

مصدر	مثال مؤنث	مستثنیات
فعیلت	ندیا -	
فاعلت	عافیت	
فعالت	دلالت	
فِعالت	کفالت	
فُعالت	بغایت	
مفعلت	مرحمت	
مفعِلت	معرفت	مگر آتش نے اسکو مذکر باندھا ہے
مِفعال	میزان	
تفعیل	تکریم	مگر تعویذ - تمکین -

اب مثالیں اسکی جسقدر ملیں ہیں لکھی جاتی ہیں + +

لفظ	شاعر	مصرع اول	مصرع دوم
قسمت	ناسخ	کرتے ہو تعمیر اوروں کے لئے قصر و رواق	غافلو تم کو ملی قسمت بگاڑے
حکمت	صبا	سمجھ علین تقدیر و تدبیر اوسکی	مشیت ہے خالق کی حکمت علی کی
خلقت	وله	نہ کیوں بوتراب اوسکو کہتے محمد	کہ آدم سے پہلے تھی خلقت علی کی
تربت	وله	مسیحا بھی اکسن فلک سے اوتر کر	لگا لینگے آنکھوں سے تربت علی کی
حکومت	افضل	سر مکان قبضہ میں آئے کیا ہی حکومت تیری	سر میں سودا ہے ترا دل میں محبت تیری
وحدت	اسیر	تن پاک کا کسطرح سایہ ہوتا	خدا کو تھی منظور وحدت تمہاری
حالت	ناسخ	کہیو صبا میر کہ یہان تو ہے آج کل	حالت وہاں تباہ ہے بنیاد جسم کی
حاجت	بحر	سعیدوں کے قسمت میں دیکھی ہے تجلی	مشعل کی اونہیں راہ میں حاجت نہیں ہوگی
حکایت	اسیر	بیابان بیابان فسانہ ہے میرا	گلستان گلستان حکایت تمہاری
حقیقت	وله	اول و آخر ہے یکسان ہیچ کا کیا اعتبار	ہے حقیقت ایک نظروں میں گدا و شاہ کی

یں مع میر
ور مصادر میں سے رشک لکھنوی نے جھکتن کا مصدر بنایا ہے ؎ کھانے میں
بو وہ کھانا تو ساتھ کھانے کا + خیال جھکتن سودای خام ہوتا ہے + اور شاید شاذ و نادر
اور کوئی مصدر فارسی بھی لکھنؤ میں مستعمل ہوا ہو۔ مگر دہلی والے ہر مصدر فارسی کو استعمال
کرلیتے ہیں۔ غالب ؎ تمازت سے ہر غوطت مشکل پسند آیا + تماشای بیک کف
بردن صد دل پسند آیا + مومن ؎ میں ہلاک اشتیاق طرز کشتن ہو گیا + دوسری
بلالی کہ اپنا آپ دشمن ہو گیا + ولہ ؎ وہ ظالم کی جو ساعت دیر کشتن ہے ہمارا +
جو دوست ہمارا ہے سو دشمن ہے ہمارا + ولہ ؎ ہے گریبان گیر دامان تار تغافل ہا
لک + جی جائے ہے ناحق دیر آمدن کی فکر میں + ولہ ؎ دوستو مرتا ہوں اوس
کے روے عرق آلودہ پر + لاش بھی میری ہٹانا بعد مردن آپ میں + **تنبیہ** مگر جو ام
مصدر کہ کسی [illegible] سے مل کر فاعل کے معنی پیدا کرتا ہے وہ دہلی و لکھنؤ میں یکساں مستعمل ہے
[illegible] لشکر افکن مرد افکن وغیرہ۔ اسکا بیان فعل کی بحث میں ہوگا۔
[illegible] کے مصادر میں بعض مونث مستعمل ہوتے ہیں بعض مذکر
[illegible] سے فَعلَت کے وزن پر ہیں اسمیں ایک جدول لکھا ہے
[illegible] سے حقیقت معلوم ہو جائیگی۔

مصدر	مثال مؤنث	مستثنیات
فِعلَت	قسمت حسرت حکمت خلعت	
فُعلَت	قدرت - [illegible]	
فِعال	سِلاح	مگر وصال
فُعُولَت	حکومت	
فَعُولَت	مروّت	
فَعِیل	سبیل دلیل	

اتنی باتیں ہوئیں - اوسی جگہ پر بیٹھو - اوتنی چیزیں ہیں کہاں ہیں - جتنی کہ مستعمل ہوئی
جتنی صورتیں بولیں - کتنی بات ہے - کتنی باتیں کرلے ہو - واحد مذکر و مونث میں انکے
آگے لفظ ہے پڑھیگا - اور جمع مذکر و مونث میں انکی بدلیوں کے بعد لفظ ہیں -
فائدہ اور کبھی کیسا اور ایسا کی جگہ لفظ کیا اور یہ لاتے ہیں جو مذکر اور مونث
دونوں میں کام دیتا ہے - دیکھو فائدہ صد و بست و یکم - و صد و بست و دوم -

مصدر کا بیان

مصدر وہ ہے جس سے فعل اور اسم مشتق بنائے جائیں - باعتبار فاعل اور مفعول کے
مصدر کی دو قسمیں ہیں لازمی متعدی یہاں پر زیادہ اس سے بیان کرنی ضرور نہیں
فائدہ اردو میں مصادر ہندی فارسی عربی تینوں مستعمل ہوتے ہیں -
فائدہ اکثر مصادر مصنوعی بھی ہیں جو عربی فارسی لفظ سے یا علامت مصدر
ہندی لگاکر بنالے ہیں - دراصل یہی مصادر اردو ہیں - اور یہی قسم مصادر
مستعمل اردو کی ہے - جیسے تحصیلنا - لفظ تحصیل سے بنا لیا - آتش ؎

تنگی دل کو جو دے لے وہ لیے تحصیلے + ساری سرکاروں سے ہے عشق کی سرکار جدا
قبولنا ؎ وہ بانجھ تھی جب حمل قبولی + سرسوں آنکھوں میں سب کی پھولی + نسیم
بدلنا ؎ نہیں جب گل کھلاتی پھر کیا کیا + بدلتا ہے رنگ آسماں کیسے کیسے + آتش
فرمانا ؎ فرماتے مزاج مبارک کا حال کچھ + سنتے ہیں اسکو کم ہی اور ہے کا احتمال کچھ + سحر

فائدہ کل مصادر ہندی اور فارسی مصنوعی یا غیر مصنوعی اردو میں مذکر بولے
جاتے ہیں - اور جو لفظ اونکے ساتھ بند ہوگا مذکر ہو جائیگا اگرچہ مونث ہو جیسے

ٹوٹ جانا ؎ شیشہ معلوم ہوجاتا ہے وقت امتحان ہے آبرو + ہے دلیل اسکی عیار ٹوٹ جانا جام کا
توڑنا ؎ ہوگیا ہے برہم جہاں میں ایسا نازاں + توڑنا شیشہ کا چاہیے اکسو اونکے مذکر کا
آنا ؎ شکل اوس ترک کا ملک کا آنا ٹھہرا + دل میں اثر حادثہ کا نشانہ ٹھہرا

مضاف ہونا ان چاروں کی طرف قسم پنجم معرفہ

جو اسم نکرہ کہ علم یا ضمیر یا اسم اشارہ یا اسم موصول کیطرف مضاف کیا جاتا ہے اوس میں بھی ایک طرحکی خصوصیت آجاتی ہے جیسے موہن کا لڑکا میرا بھائی اوسکا باپ جسکا چچا۔ پس لڑکا اور بھائی اور باپ اور چچا اگرچہ نکرہ ہیں۔ لیکن بسبب مضاف ہونیکے انمیں ایکطرحکی مثل علم کے خصوصیت آگئی۔ اور انمیں حرف اضافت کو آتا ہے مذکر کے واسطے۔ اگر یہ اسما مونث کے ہوں تو حرف کی اور مذکر کی جمع کے لیے حرف کے آتا ہے۔

منادی قسم ششم معرفہ

منادی میں مذکر کیلئے ارے۔ اورے واحد جمع میں بحسب موقع تعظیم وتحقیر مستعمل ہے اور اری۔ اوری واحد وجمع مونث کیواسطے۔ اور اجی + ابے + اجی + او جی + اے مشترک ہیں مذکر ومونث میں۔

استفہام کا بیان

لفظ استفہام تبدیلی میں مثل اسم موصول کے ہے۔ یعنی بسبب آنے حروف معنوی کے لفظ استفہام جسکے واحد کے لئے کیا سے کس اور جمع کے لئے کن آتا ہے مذکر ومونث میں۔

فائدہ لفظ ان اون جن کن اگرچہ جمع ہیں مگر تعظیماً واحد مذکر ومونث پر بھی بولے جاتے ہیں۔ اور اسیطرح اونہوں اور جنہوں۔ آتش ؎ سلسلہ اپنی گرفتاری کا کب قطع ہوا ٭ پہنی زنجیر اونہوں نے جو اوتارے توڑے ٭ فائدہ لفظ سا علامت تشبیہ ہے اسیطرح ایسا جیسا۔ ویسا کیسا اور لفظ اتنا اوتنا جتنا کتنا قدر وانداز کے لئے۔ انکے الف کی تبدیلیاں یای مجہول سے بحالت جمع مذکر کے لئے۔ اور یای معروف سے بحالت واحد وجمع مونث کیواسطے مثلاً اتنے لوگ اوتنے آم جتنے مکان کتنے دن جمع مذکر۔ اور اتنی بات نہی

میرا - میرے - میری واحد کے لئے + ہمارا - ہمارے - ہماری - جمع متکلم مذکر ومونث کیواسطے
تیرا - تیرے - تیری واحد + تمہارا - تمہارے - تمہاری - جمع مخاطب مذکر ومونث کیلئے - اوسکا
اوسکے - اوسکی - واحد + اونکا - اونکے - اونکی + جمع غایب مذکر ومونث کیواسطے -

اسم اشارہ قسم سوم معرفہ

اسم اشارہ کے چار لفظ ہیں - دو واسطے قریب کے یہ واحد + یے جمع کیلئے - دو واسطے بعید کے وہ واحد + وے جمع کیواسطے + اور یہ مذکر ومونث کیلئے یکساں مستعمل ہوتے ہیں - **تنبیہ** یے اور وے فصحا میں متروک ہیں (دیکھو ضمیر کا باب سوم) وہ بجائے وے کے استعمال کی مثال صبا کے شعر سے دی گئی ہے + یہ بجائے یے کی مثال غالب کے شعر سے دی جاتی ہے ۵ نظر لگے نہ کہیں اونکے دست وبازو کو + یہ لوگ کیوں مرے زخم جگر کو دیکھتے ہیں +

اسم موصول قسم چہارم معرفہ

اسم موصول کے دو لفظ ہیں جو اور جون مگر اب جو ہی مستعمل ہے - جب تک اسکے آخر کوئی حرف معنوی نہیں آتا ہے - واحد وجمع مذکر ومونث کیلئے یکساں بولا جاتا ہے اور جب کوئی حرف معنوی آتا ہے تو لفظ جو مذکر واحد مذکر ومونث کیلئے جس [illegible] جمع مذکر ومونث کیواسطے جن بولا جائیگا - اور کہیں بجائے جس کے لفظ جنھوں بولتے ہیں - مگر فرق یہ ہے کہ جن کے ساتھ لوگوں کا لفظ لگا دینا ضرور ہے - اور جنھوں کیلئے کچھ ضرور نہیں - جن لوگوں کی جگہ جنھوں کافی ہے - لا اعلم ۵ طلب کو جنکے دونوں کے دل پھنس جاتے ہیں + جنھوں کے لئے ہیں ہم وہ ہمارے لئے [illegible] مگر اس شعر میں جنھوں کا لفظ تعظیمی بنتا ہے کہ معشوق سے مراد ہے - اور کبھی جنھوں میں سے حرف معنوی معمول یعنی کو محذوف ہوکر جنھیں بن جاتا ہے ناسخ ۵ اتنی پہچان ہی [illegible] جنھیں وہ ہیں بذات [illegible] دیں حاصل من + یعنی جن لوگوں کو -

یکسان بولا جائیگا - جیسے جو مرد ہو - جو عورت ہو - جو لوگ ہوں - اور جب کوئی
حرف معنوی آئیگا - تو لفظ جو بدل کر مذکر و مونث واحد کے لئے جس اور مذکر و مونث
جمع کیواسطے جن بولا جائیگا - ضمیر کی تین حالتیں ہیں ضمیر فاعل + ضمیر مفعول + ضمیر مضاف الیہ

ضمیر فاعل میں آیا - ہم آئے واحد متکلم کے لئے - تو آیا - تم آئے - واحد و جمع
مخاطب کیواسطے - مگر مونث کیلئے آئی اور آئیں کہا جاتا ہے - اور وہ آیا وہ آئے
غایب مذکر کے لئے - اور بدستور مونث کیواسطے آئی اور آئیں بولا جائیگا - اور دہلی میں
بجائے آئیں کے آئیاں بھی بولتے ہیں - مؤلف نے ۱۲۸۱ ہجری میں بمقام دہلی نواب
ضیاء الدین خان نیر تخلص کو بولتے سنا ہے - لکھنؤ میں بالکل متروک اور معیوب ہے

اسیطرح جس لفظ مونث کے آخر میں یای معروف ہو اوسکی جمع آں سے کرتے ہیں
جیسے بیداری کو شب بیداریاں تیاری کو تیاریاں کہتے ہیں۔ مگر صفت کو بھی اہل دہلی
اسیطرح جمع کرکے بولتے ہیں اور فعل کو بھی جمع ایسی ہی کرکے استعمال میں لاتے ہیں -
لکھنؤ میں آتش نے صفت کو ایک جگہ جمع باندھا ہے ؎ عہد طفلی میں تھا میں بسکہ ہوائی
مزاج + بیڑیاں منت کی بھی پہنیں تو میں نے ہاریاں +

ضمیر مفعول مجکو یا مجھے دیا - ہمکو یا ہمیں دیا - واحد و جمع متکلم کے لئے - اور
تجکو دیا - تجھے دیا - تمکو یا تمہیں دیا - واحد و جمع مخاطب کیواسطے - اور اوسکو یا اوسے دیا
اونکو یا اونہیں دیا - واحد و جمع غایب کے لئے -

ضمیر مضاف الیہ وہ ہے جو بجائے مضاف الیہ واقع ہو - یعنی جسکی طرف کسی چیز کو
منسوب یا اضافت کریں - اور ضمیر فاعل کے آخر میں لفظ کا زیادہ کرنے سے ضمیر مضاف الیہ
بنجاتی ہے - مضاف واحد و جمع مذکر کی علامت کا اور کے ہے اور مضاف واحد و
جمع مونث کی علامت صرف کی ہے - لیکن بعد داخل ہونے علامتہای مفعول اور
مضاف الیہ کے ضمایر میں اکثر تبدیلی واقع ہوتی ہے -

تون سے وفا کی + مرے شیر شاباش رحمت خدا کی + مؤلف سہ عصر آئے ہیں لیتی
میں خوش جمالون کی + خدا ہی شرم رکھے ان سعید بالون کی + اور مسدس مثنوی رباعی
وغیرہ میں کچھ قید نہیں۔ شاعر جہاں مناسب جانے اپنا تخلص لائے۔ اور شعرا اسی نام
سے مشہور ہوتے ہیں بلکہ اکثر لوگ اونکا اصلی نام ہی نہیں جانتے۔ یہ سب قسمیں علم کی
تھیں۔ اب دوسری معرفہ کی لکھی جاتی ہے +

ضمیر قسم دوم معرفہ

ضمیر وہ ہے جو بجائے اسم متکلم و مخاطب یا غائب کے جسکا ذکر پہلے ہو گیا ہو آوے
واسطے اختصار اور تحسین کلام کے۔

اردو میں مذکر اور مونث اور جاندار اور بیجان کے لئے ایک ہی سی ضمیریں لائی جاتی
ہیں۔ ضمیر کے کل چھ صیغے ہیں۔ میں ہم تو تم حاضر کے لئے۔ اور وہ وے
غائب کیواسطے۔ **تنبیہ** مگر "وے" کا لفظ اب زمانہ حال میں مستعمل نہیں ہے
اگلے شعرا میر تقی میر تک بولتے تھے یا اب سرکاری اسکولوں اور تحریروں میں جاری
ہے۔ اب شعرائے دہلی و لکھنؤ میں "وہ" کا لفظ جمع غائب کیلئے مستعمل ہوتا ہے جیسا لکھوی
سہ وہ لوگ توت کے کاندھے لئے جاتے ہیں + خدا کسی کو احوال رفتگاں دیکھیں +
اسیطرح مجھکو تجھکو مجھے تجھے واحد کے لئے اور ہمکو تمکو ہمیں تمہیں جمع مخاطب کے
واسطے مذکر و مونث میں یکساں ہے۔ اور یونہی میرا تیرا اسکا انکا ہمارا تمہارا
مذکر و مونث کے لئے بصیغہ واحد و جمع حاضر ہے اور اوسکا اونکا اوسکا اونکا واسطے مذکر
و مونث غائب کے بصیغہ واحد و جمع غائب ہے۔ اسیطرح یہ بکسر ای بمعنی واسطے قریب
حاضر کے مذکر و مونث میں مستعمل ہے۔ اگلے لوگ جمع کیواسطے "یے" بولتے تھے مگر
"وے" کی طرح اب وہ بھی متروک ہی اور یہ ہی کا استعمال ہے +
اور "جو" کا لفظ جب تک اوسکے آگے کوئی حرف مغیر نہ آوے واحد جمع مذکر و مونث میں

اور گھسیٹی اور گھسیٹیا - اور چھُنّا - مونث کے لیے - اور کبھی ترخیم کرکے اصلی نام کا بھی
حرف ہوجاتا ہے جیسے شمس الدین کو شمسو اور میر علی کو میرا میرو میرن میران کہیں

خطاب

خطاب وہ ہے جو کسی سرکار شاہی یا نواب یا امیر کبیر کیطرف سے کسی کارگزاری یا خدمت
وغیرہ کے بدلے میں دیا گیا جیسے دولہ خان خانخانان سیٹھ ساہو ٹھاکر بہادر وغیرہ
اور سسرال سے عروس و داماد کو بھی خطاب ملتے ہیں جیسے مرآت العروس میں اکبری کا
خطاب مزاجدار بہو اور اصغری کا خطاب تمیزدار بہو رکھا ہے - اور ایسے خطابوں میں
عورت کیلیے جزو آخر بہو یا دلہن یا للنا یا بیگم لگاتے ہیں - اور مرد کیواسطے دولھا
یا دولھا میاں ہوتا ہے - اور بعض الفاظ قوموں کے ناموں کے اول یا آخر لگا دیتے ہیں
وہ بھی داخل خطاب ہیں - جیسے راجہ نواب بابو مہاراجہ شیخ سید بیگ خان
رائے ساہ سیٹھ مرزا میر ٹھاکر کنور چوبے دوبے پانڈے تیواری بریشر پنڈت
صوفی شاہ گرو میتی بھگت وغیرہ مرد کے واسطے - اور رانی مہارانی بیگم خانم شہزادی
سیدانی مرزاین مراین ٹھکرانی پنڈتاین بھگتن عورت کے لئے - اور بادشاہوں کی
عورتوں کے نام کے ساتھ نواب محل ملکہ شہزادی بیگم لگاتے ہیں - اور عربی لفظ سے
صاحب مرد کی پہچان ہے - اور صاحبہ ہا سے مختفی سے عورت کی شناخت - اور انگریزی میں
خطاب مرد کے لئے مسٹر اور ناکتخدا عورت کیواسطے مِس اور بعد عورت کتخدا منسوب باسم شوہر
مِسِس دو سین کے ساتھ -

تخلص

تخلص وہ ہے جو شاعر ایک مختصر نام یا لفظ اپنا مقرر کرکے شعر میں لاتے ہیں - اور نیز
نام شعر میں اوس مقام پر آتا ہے جہاں پر شاعر فکر سے خلاصی چاہتا ہے - عموماً غزل کے
آخر شعر میں اسکا استعمال ہوتا ہے اور بعض مصرع یا مطلع میں بھی جیسے ؎ اسد اس جفا پر

جیسے پسر نوح با بداں بنشست ✦ خانداں نبوتش گم شد ✦ ۵ پسراں وزیر ناقص عقل
بگدائی بروستا رفتند ✦ مرد کے لئے۔ اور اسی قرینے پر شراب انگوری کو دختر رز اور دخت رز
کہتے ہیں۔ اور ہندی میں اسکا رواج نہیں۔ مگر اوسی سے جیسے اوپر لکھا گیا۔ یعنی نام
سے کنیت زیادہ مشہور ہو جیسے مولا بخش ہی بخش کا بھائی کہکر پکارا جاتا ہے۔ الغرض
اجمال یا تحقیر یا عدم شناخت کے والا مذکر کے لئے اور والی مونث کیواسطے لگاتے ہیں
جیسے۔ دہلی والے لکھنؤ والوں کو لکھنؤ والوں کہتے ہیں۔ یا شہر والا یا تری ناک والا اور
کبھی والا کا الف گرا کر وال لگاتے ہیں جیسے دلی وال۔ لکھنؤ وال۔ مگر سوای ان دو
شہروں کے اور کسی شہر کے نام کے ساتھ یہ لفظ مستعمل نہیں سنا۔ اور وال کا لفظ
مونث مذکر کے لئے یکساں بولا جاتا ہے۔ اور ہندی میں بسبب عزت و تعظیم یا شرم کے
جب اصلی نام نہیں لیا جاتا۔ تو عورت اپنے خاوند اپنے بیٹے یا بیٹی کا باپ کہکر پکارتی ہے
اور مرد بھی اسیطرح اپنی زوجہ کا نام نہیں لیتا اور اپنے بیٹے یا بیٹی کی ماں کہکر پکارتا ہے
اور جبتک اولاد نہیں ہوتی تب تک میاں بی بی کسی رشتہ سے پکارے جاتے ہیں۔ اور عرب میں یہ
معلوم ہوتا ہے کہ یہ رسم عرب میں بھی جاری ہے مگر وہاں کنیت مرد اور عورت کے لئے مقرر
اور اسیطرح دونوں پکارے جاتے ہیں۔ اور ہندوستان میں بضرورت کمتر طور پکار
لیتے ہیں۔

عرف اور اسم مشہور

عرف سے یہ وہ ہے جو لڑکپن میں بسبب محبت یا خیال عام اس بات کے کہ لڑکا رہ جائے
ایک اور نام علاوہ کے مقرر یا مختصر اصلی نام کے سوا رکھ لیتے ہیں۔ اور وہ مشہور بھی ہو جاتا ہے
جیسے بہادر سنگھ کہ کسی لڑکے کا نام ہے اور اسکو راجہ کہتے ہیں۔ اسیطرح نواب امیر
سلطان وزیر امراؤ میں بابو وغیرہ مذکر کے لئے اور رانی بیگم خانم وغیرہ مونث کے
واسطے بنظر عزت نام پکارا جاتا ہے۔ اور حرف تحقیر جیسے جوتا چوہیا گھسیٹ کوڑا
الٹرلس وغیرہ جیسے کہ اگلے زمانے میں تھے اور یوں ہی گھسیٹا۔ پچکوڑی۔ چھکوڑی وغیرہ مذکر کیواسطے

کُنیت

اسم کنیت وہ ہے جو کسی رشتہ سے باپ یا بھائی یا بیٹا کہکر پکارا جاے - اور
اوسکی دو قسمین ہین اوّل یہ کہ اسم سے زیادہ کنیت مشہور ہو دوم یہ کہ بسبب عزت اور
تعظیم اوسکے - یا بسبب اپنی شرم کے اصلی نام نہ لیا جاے - جیسے ہندوستان کی
عورتین اپنے خاوند کا نام نہین لیتین اور اپنے بیٹے یا بیٹی کا باپ کہکر پکارتی ہین -
کنیت کا رواج عرب مین بہت ہی ہے کہ جمادات و نباتات کی بھی کنیت ہے - عرب مین مرد کے
لئے لفظ اَبُو اَبِی اَبَا اور ابو کا مخفف بُو بمعنی باپ کے جیسے ابو سفیان ابی لہب
ابابکر - بوجہل وغیرہ اور غیر جاندار مین ابوقبیس یا بوقبیس نام ایک پہاڑ کا

سعدی ؎ کہ سعدی کہ گوے بلاغت ربود + در ایام بوبکر بن سعد بود +

اور عورت کی پہچان کے لئے اُمّ بمعنی ماں کے مستعمل ہے - جیسے میر ضمیر صاحب فرماتے ہین
معراجنامہ مین لکھا ہے کہ اوس رات خیر البشر + تھے آرام مین اُمّ ہانی کے گھر +
اور اسیطرح اُمّ مومن اور اُمّ سلمہ وغیرہ - اور غیر جاندار مین ام غیلان
کہ ہندوستان مین ببول کا درخت مشہور ہے - پروفیسر آزاد دہلوی مولف تذکرہ آبحیات
جو ۱۳۰۳ھ مین ملک ایران کو سیر کرنے گئے تھے اونہون نے اپنے سفرنامے مین لکھا ہے کہ
ام غیلان ببول نہین ہے دوسری ہی چیز ہے افسوس وہ سفرنامہ میرے پاس نہین ہے ورنہ
بتصریح لکہدیتا - بہرحال مثل اَبُو کے اُمّ کا بھی الف گرایا جاتا ہے اور مغیلان کہا جاتا ہے

آتش ؎ صحرا سے مغیلان کا اگر مرحلہ آیا + دریا لئے مٹھی مین ہر اک آبلہ آیا +

اور کبھی کنیت مرد کے لئے اِبْن سے بھی ہوتی ہے جیسے ابن خاتون ابن طاوس
ابن بابویہ وغیرہ علماے اسلام کے نام ہین - اور عورت کے لئے بنت اور اسی قرینہ پر
شراب انگوری کو بنت العنب کہتے ہین -
اور فارسی مین جسکا نام معلوم نہین ہوتا - اوسکو پسر کا لفظ باپ کے نام کے ساتھ لگاکر پکارتے ہین

کشف اللغات گلستان بوستان الواب الخان وغیرہ وغیرہ اور اسکی وجہ یہ
کہ ان سب اسمائے کتاب کا لفظ لگا ہوا ہے جو ذہن میں رہتا ہے - صاحب سعید الشعرا اور
صاحب مذکر کو بھی اتفاق ہے - اسیطرح ریل کا لفظ ہے کہ ریل آئی گو لیے میں
اسمیں بھی گاڑی کا لفظ ذہن میں رہتا ہے - اور اب ناصحی کا لفظ بھی مونث بولا جاتا ہے
حالانکہ قاعدے سے اسکو مذکر بولنا چاہیے - مگر اسمیں بھی خبر کا لفظ ذہن میں رہتا ہے
یعنی خبر تاربرقی **تنبیہ** اسپر بھی طرہ یہ ہوا کہ دسمبر ۱۸۹۶ء کے اخبار پیسہ کا
لاہور میں تازہ ترین تاربرقی لکھا گیا ہے اس شخص نے تار ہی کو مونث بیان کیا - ہائے
اردو کی خدا جانے ابھی کیا گت ہونے والی ہے - اور سوانح عمری کا لفظ بھی مونث بولا
جاتا ہے - یعنی فلانی کی سوانح عمری بقیاس تاربرقی مگر بعض نادان [illegible]
فلانے کا سوانح عمری لکھ جاتے ہیں - اگر سوانح کی تذکیر کا لحاظ کیا تھا - تو اسکی جمع کا بھی
خیال کیا ہوتا - اب میں چند شعر کتابوں کی علمیت کی مثال کے لکھتا ہوں رشک ؎
افسانہ ہای عشق کا لاسا لنگار + تمکو ستانے کے جو کہیں ملدس ملی + ظفر ؎ گرد رخ اور جس کی
ہوئی ہے حسن کی + کیا خوب خط ہوئے حسن حسین کلی + اسیر ؎ جلاتش سے کھلے عوامعی
روح + یہی کشف اللغات ہوا ہی + آتش ؎ تصویر کھینچی ہم نے رخ سرخ فام کی + اک صحو
میں قلم سے گلستان تمام کی + اسیر ؎ ہر غزل میں نظم روے یار کی تعریف کی + مثل سعدی کی
بوستان ہمنے بھی تصنیف کی +

اسیطرح اکثر اسم مرد عورت کے مشہور ہو گئے ہیں - مخصوص قوم طوائف کو جیسے بی بخش
پیر بخش مولا بخش محبوب جان نواب جان امیر جان وغیرہ ایسے نامیں مرد کی پہچان
لفظ سے ہے یا سید یا میر یا مرزا یا شیخ یا خواجہ یا آقا یا بیگ یا خان وغیرہ سے ہوتی
اور عورت کی پہچان لفظ مسماۃ یا بی بی یا صرف بی یا بیگم یا خانم وغیرہ سے
ہوتی ہے -

مذکر ہونا چاہیئے یعنی پہر جو دن رات کے آٹھ حصون مین سے ایک حصے کا نام ہے مذکر ہے
رند ؎ عشقبازی کا تری جن جو چڑہا تھا سر پر * جس جگہ بیٹھ گیا کاٹ دے آٹھ پہر *
اس سے صاف ثابت ہے - کہ یہ لفظ بطریق مذکر نہین بندہا - مگر نصف النہار یعنی دن کے
دوپہر کا علم ہو کر یہ لفظ مونث بولا جاتا ہے - ناسخ ؎ ای روز فراق نیمجان ہون *
تیری ابھی دوپہر بجی ہے * رند ؎ یار سے وعدہ ملاقات کا ہے بعد زوال * دوپہر
آج کسطرح نہین ڈھلتی ہے * اور اسیطرح پری کہ قوم آتشی کی شریف اور حسین عورت کا
نام ہے - اردو مین معشوق کا نام فرض کر کے یہ لفظ مذکر باندہا جاتا ہے - صبا ؎
مثل دیوانہ بہت مردم آبی کھا لائے * وہ پری سیر کو جس دن لب دریا نہ گیا * رشک
مہ اجیہ سیکڑے مین رہتے ہین ہم * قرب بیت الحرام رکھتے ہین * خاص دریای فیض مین یہ پری
جیسے فیض عام رکھتے ہین * ان دونون مثالون مین پری کا لفظ معشوق پر اطلاق کرتا ہے
اور بسبب تقاضا فارسی کے معشوق کا نام قرار دیکر مذکر باندہا گیا ہے - مگر جب اصلی پری
سے مراد ہوگی تو مونث باندہینگے - غزل مین یا مثنوی مین - ناسخ ؎ اعجاز ہے سخن مین تو
چلنے مین سحر ہے * ہوگی پری بھی کوئی نہ اس بول چال کی * اس شعر مین اصلی پری سے
مراد ہے - اور صاحب ودیکر بھی اس قاعدے کو لکھتے ہین کہ " جو لفظ واسطے معشوق کے مستعمل ہے
مذکر ہے گو بذات خود مونث ہو - اور صاحب عقد الشعرا کا مطلب بھی یہی ہے - مگر رند نے اسکے
خلاف استعمال کیا ہے وہ یہ ہے رند ؎ کریگا عشق تصرف تو دیکھنا وہ پری * پیادہ گھر سے
کھلے سر برہنہ پا آئی * دل ہمارا شیفتہ ہوگی پراسان نہو * بال کھولے ہوئے وہ حور چلی آتی ہے *
سو چڑہا دونگا گلی کو مجنون پر اے رند * نظر جب وہ لیلی شمایل پڑیگی * شاید یہ تقلید ہندی
نبیشرون کی فرمائی ہے - ورنہ صریحا خلاف استعمال شعرائے اردو ہے - مگر میرے نزدیک
حور والے شعر مین اصلی حور بہشت مراد ہے *

کتابون مین علمیت کے بعض نام مونث ہوتے ہین جیسے نلدمن حسین حصین

ماحصل فصل دوم

اس رسالہ کا یہ نام جو رکھا گیا۔ اس سے مطلب یہ ہے کہ قواعد اردو کے رو سے جس قاعدے میں تانیث و تذکیر کا لگاؤ ہے سلسلہ وار لکھا جائے تاکہ اسکول والے بھی اس فیض سے محروم نہ رہیں۔

مقدمہ

عدد مولف میں ابتدائً اسم فعل حرف کی تعریف لکھی گئی جو اسکی تصریح ہوگی

بیان اسموں کی تانیث و تذکیر کا

اسم کی تین قسمیں ہیں جامد مصدر مشتق۔ اسم جامد کی دو قسمیں ہیں۔ نکرہ اور معرفہ۔

نکرہ۔ میں اپنے اپنے احساس کے رو سے تذکیر و تانیث کا استعمال ہوتا ہے۔ جیسے انسان حیوان مرد گھوڑا بکرا پتھر وغیرہ مذکر ہیں۔ اور عورت گھوڑی بکری لکڑی وغیرہ مونث ہیں۔ اسکی تصریح کی ضرورت نہیں۔

معرفہ کی چھ قسمیں ہیں علم ضمیر اسم اشارہ اسم موصول اور مضاف ان چاروں مذکورہ بالا کی طرف۔ اور منادے۔ اسی کی تصریح کی ضرورت ہے۔

علم

علم وہ ہے کہ خاص آدمی یا کسی جانور کا نام ہو کہ سوائے اوسکی ذات کے اور کسی پر بولا نہ جائے جیسے ضیا للتا کسی عورت کا نام اور گیندا کہ قسم پھول کی ہے ایک کُتّے کا نام ہے۔ حقیقت میں علمیت وہ چیز ہے جو قاعدے کو اولٹ دیتی ہے یعنی اگر مونث کا علم یعنی نام ہے تو وہ لفظ بھی مونث بولا جائیگا گو اصل اوسکی مذکر ہو اور اگر مذکر کا نام ہے تو اوسکے بالعکس جیسے دوپہر کہ قاعدے کے رو سے مونث شمار کے

فائدہ یکصد بیچاہ و ہشتم صاحب نجات ہندوستانی اکثر اسمای فاعل کو مذکر لکھتے ہیں اور اسیطرح اسم صفت کو بھی۔ حالانکہ فاعل او موصوف جیسا ہوگا ویسی ضمیر ہوگی مذکر ہی تو مذکر مونث تو مونث فائدہ یکصد بیچاہ نہم اکثر دہلی و لکھنؤ عوام و خواص مین اختلاف پایا جاتا ہی چنانچہ راہ کی بازار۔ اور لفظ لکھنؤ مین عوام کی زبان پر مونث ہی + اور خواص بولتے مین نا مذہتے ہین اور دہلی مین قلم وغیرہ

فائدہ یکصد و شصتم بعض الفاظ واحد مذکر یا مونث ہین اور جمع انکی مذکر یا مونث

وہ الفاظ جو واحد مذکر ہین جمع مونث

طوطی	مذکر	سحر کی باتین ہین غنچہ سیا دہن گل ہو گیا	واحد	بحر
		طوطی روی مختلط اصاف بلبل ہو گیا		
طوطیان	مونث	طوطیان محو تکلم کہ کشان خرام	جمع	ناسخ
		آفت قمری تی قامت رہ ہا عندلیب		
لفظ	مذکر	ہے طلب سے اسقدر لفرت کہ سنا جیا	واحد	ناسخ
		آنجاے لفظ الف باب استقبال کا		
لفظین	مونث	وصل کی رات بنا نامہ شوق گیسو	جمع	رشک
		شام لفظین ہین سفیدی سے سحر کاغذ کی		

وہ الفاظ جو واحد مونث ہین جمع مذکر

آل	مونث	بلے آب تھی جو آل رسالت مآب کی	واحد	میر انیس
		ہتی آنکھ ڈبڈبائی ہوئی ہر حباب کی		
آل نبی	مذکر	چلائی وہ کہ آل نبی در بدر ہوتے ہین	جمع	میر انیس
		لٹا ہی گھر امام امم قتل ہوتے ہین		
دلیل	مونث	ہوا کا ہی اوسکا گذر ا ہین	واحد	برق
		دلیل خلا آج باطل ہوئی		
دلائل	مذکر	یہ دلائل کیے جو مین نے بیان	جمع	ناسخ
		یہ شواہد جو کہدیے اِس آن		
نوع	مونث	نوع بشر تحز ملک ہو گئی	واحد	ناظم
		اسکی ثنا تا بفلک ہو گئی		
انواع	مذکر	کتنے انواع مفعنعہ بخشے	جمع	ناسخ
		گھاسون کو واہب عطا یا نے		
وضع	مونث	تو بھی گل شاداب سے پھولی نہین سحر	واحد	رشک
		گیون تیری پلنگڑی مین ہنوز وضع چمن کی		
اوضاع	مذکر	تیری آنکھوں کو کیا دیکھا کہ دیکھا دم میں	جمع	رشک
		تمام اوضاع لطف وحشت ہو گئے ہین		
قسم	مونث	ای پری رو کون ستم تیری	واحد	مومن
		نکہت گل ہے لبی جسم تیری		
اقسام	مذکر	جسقدر اقسام ہون گناہون کے	جمع	ناسخ
		جتنے اقسام ہون گناہون کے		
صلاح	مونث	کہ ہمیشہ رہے صلاح انکی	واحد	ناسخ
		ہو روز اہ او بہو فلاح انکی		
مصالح	مذکر	جو مصالح ہوا نے پائے ہین	جمع	ناسخ
		فائدے جو تجھے سنائے ہین		

اس سے معلوم ہوا کہ ایسے الفاظ عربی کی جو واحد مونث ہون اونکی جمع مذکر بولی جاویگی پس اصول اور رسوم جو قانون مین مونث بولے اور لکھے جاتے ہین فصحاے اردو کے خلاف ہین اب کچھ اس فصل کا ماحصل لکھا جاتا ہے

مراد ہے جیسا بحر لیتے ہیں سلہ کہتا ہے وہ مرد دریا میں کپڑے جو دھوتی ہے
ہمانی حقیقت اسکی علم کی قسم میں لکھی جائیگی ۞ دیکھو صفحہ ۷۸

فائدہ یکصد و پنجاہ و پنجم صاحب دو سکڑے صفحہ ۷۶ میں اور صاحب
دستور الشعراء نے صفحہ ۱۷۱ میں حل کے لفظ کو بمعنی گشتانگی عقدہ + یا عقدہ کشائی
لکھکر مذکر لکھا ہے اور دونوں صاحبوں نے دبیر کا یہ شعر مثال میں دیا ہے
اگر عقدہ سراپا ہے زنگ اشک کیا غم ہے ۞ میری افتادگی کے ہاتھ حل
ہوتا ہے مشکل کا ۔ مگر حقیقت یہہ ہے کہ دونوں کو دھوکا ہوا + کیونکہ
گو حل کا لفظ مذکر سہی + لیکن اِس شعر میں یہ مذکر ہے نہ مونث + حل
ہوتا جو مصدر لازمی معمول ہے یا اسکو محاورہ کہو + بہر تقدیر کا کی ضمیر حل ہونا
کی طرف راجع ہے اور مصدر ہمیشہ مذکر ہوتا ہے دیکھو بیان مصدر کا + حل
بتشدید لام عربی لفظ ہے اسکی تذکیر بتشدید یوں ثابت ہوگی حَلّ سوال
دیکھ لیا تیری ات سے ۞ بولا جو تو بحث دہیں آج طے ہوئی ۞ اور بے تشدید
یوں بیان کر دیا جو کچھ تھا صاحب مطلب کا ۞ تمھارے حکم پر موقوف ہے
حل میری مشکل کا

فائدہ یکصد و پنجاہ و ششم اہل کا لفظ بمعنی صاحب اور مالک کے مذکر ہے
اور جمع پر آتا ہے جیسے نظم ۞ ہیں ہمیشہ مردمک چشم کی طرح رندان ہر دو
دیدہ میں اہل نظر میں شہ یعنی صاحبان نظر موس زاہد نگاہ سحر کے دیدہ پیکے
اٹھا ہو۔ خصوصیت اہل نظر سے نہیں ما سیطرح اہل اللہ اہل بیت اہل حرفہ اہل جاہ
اہل دول اہل ہنگار اہل زبان اہل سنت اہل تشیع اہل شرع اہل صنعت اہل عرفان
اہل قلم اہل کلام اہل کتاب اہل مد اہل دنیا اہل اسرار اہل حس وغیرہ سب جمع ہیں
مگر آتش نے مفرد باندھا ہے رنج ہمارہ ہمیشہ اوسے شوخ کا نقش عداوت ہے
نظر آتا ہے آپس میں ہر اہل انجمن بگڑا ہوا

فائدہ یکصد و پنجاہ و ہفتم واجد علی شاہ جو کتاب بنی نواب آصف الدولہ کے عہد میں لکھی گئی اور اسکی
فصلیں جو کئی ہیں اون فصلوں کو مذکر لکھا یعنی فصل پہلا فصل دوسرا فصل تیسرا وغیرہ القیاس
اب یہہ ہوا کہ فصل جو بمعنی علم کی ہے مذکر ہو سکتی ہے اور مشہور اردو بھی کے خلاف ہے

دو گھوڑا - دو مولی - دو گاجر - اور تین گھوڑا - تین مولی - تین گاجر کہنا صحیح نہین ہے اور سیوا سے اہل بنگالہ اور پورب کے شاہ جہان آباد (اور لکھنؤ) مین کوئی اصطلاح نہین بولتا ہان دو گھوڑے دو مولیان دو گاجرین صحیح ہے

فائدہ یکصد و پنجاہ و سوم ادا کے لفظ کو صاحب دستور الشعرا نے صفحہ ۱۲ مین بمعنی پورا کرنا مذکر لکھا ہے اور مثال مین غالب کا یہ شعر دیا ہے جان دی دی ہوئی اوسیکی تھی * حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہوا + مگر یہہ مثال حق کے لفظ کی ہے نہ کہ ادا کی کیونکہ ہوا کی ضمیر حق کیطرف پھرتی ہے + اور صاحب لغات ہندوستانی نے صفحہ ۲۹ مین ادا کو بمعنی چکتا چکوتا پورا کرنا چکانا بیباق کرنا اسم مونث لکھا ہے + مگر حقیقت مین اس معنی پر ادا نہ مذکر ہے نہ مونث ہے جو چیز پوری کیجائیگی وہ چیز اگر مذکر ہے تو ضمیر فعل کی اوسیکی تبعیت کریگی اور اگر مونث ہوگی تو مونث کی + ادا کے لفظ سے کچھہ واسطہ نہین جیسے حق ادا نہوا - رسم ادا نہوئی وغیرہ

فائدہ یکصد و پنجاہ و چہارم پری کے لفظ کو صاحب دستور الشعرا نے صفحہ ۴۲ مین لکھا ہے کہ اس لفظ مین شعرا مختلف ہین + حالانکہ مؤلف کے نزدیک ایسا نہین ہے اور صاحب مفید الشعرا اور صاحب رضا دو پیکر دونون میرے ہم نوا ہین + دیکھو مفید الشعرا صفحہ ۴ معشوق کے جتنے القاب ہین مثل دلبر ستمگر بیداد گر شوخ گل باہ مہر محبوب گلعذار پری رخسار سیمتن گلبدن جنگجو خوبرو تندخو حور پری جلاد ستم ایجاد قاتل زہرہ شمائل وغیرہ سب کو شعرا مذکر لاتے ہین - اور صفحہ ۷۸ مین لکھتے ہین کہ پری کو بھی جہان شعرا معشوق کے معنی پر لاتے ہین مذکر استعمال کرتے ہین + اور صاحب رضا دو پیکر صفحہ ۲۴ مین لکھتے ہین جو لفظ واسطے معشوق کے مستعمل ہے مذکر ہے گو بذات خود مونث ہو + مگر رند کا کلام اسکے برخلاف دیکھا گیا کہ لگا عشق لعرت تو دیکھا وہ پری * پیادہ گھر سے کھلے سر برہنہ پا آئی دل بیمار شفا ہوگی ہراسان نہو * بال کھولے ہوئے وہ حور دکائی ہے + مولف کے نزدیک پری کی مثال تو صحیح کہ معشوق کے واسطے یہ لفظ آیا ہے مگر رند نے اگر معشوقہ عورت سے مراد لی ہو تو ہو سکتا ہے کہ اوسکو جنس پری مین داخل کیا اور ایسے مراد رند کے کلام مین بہت ہے اور حور کی مثال جو صاحب رضا دو پیکر نے دی وہ معشوق کے واسطے نہین ہے بلکہ اصلی حور سے

بقیہ حصہ

فائدہ یکصد و پنجاہ و یکم — یہ قاعدہ اور فائدہ یکصد و سوم اور یکصد و چہل و ہفتم
تا فائدہ یکصد و پنجاہم ایک ہی قبیل کے ہیں تھوڑے تھوڑے فرق کے سبب سے علیحدہ
لکھے گئے ۔ مقدرات اور مضمرات یا خبر نامعلوم اور محذوف کا بیان ہو چکا ہے فائدہ
یکصد و سوم میں لکھا گیا ہے تصریح اسکی یہ ہے کہ مقدرات و مضمرات مذکر کی مثالیں میں
چلتے اتفاق کیا ہے مذکر کی ضمیر دریا کا مر وغیرہ + اودھ پنچ ۱۸ اپریل ۱۸۸۹ء "اس
کنبہ کی لو کو کمشنری نے دریافت کرنے کے لیے بعض [illegible] نے یہ تشخیص کیا ہے" الصادرہ
سی ۱۸۸۹ء" ضمیر مذکر کا مرجع طریقہ وغیرہ + اودھ پنچ دوم مئی ۱۸۸۹ء "اللہ ہی
اللہ نے دنیا میں کس طرح جن ہیں کچھ بنائے ہیں مٹی + مگر جب فائدہ یکصد و چہل و
ہفتم اسکی ضمیر مونث نہیں ہو سکتی ہے جیسے کچھ بنائے ہیں مٹی + جس طرح جس پر اقسم
مذکر مرجع وغیرہ اودھ پنچ ۲۳ جولائی ۱۸۸۹ء "غرض جس طرح بس پڑا اس پر دیں ہی
دلداری کی" آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا + ضمیر مذکر عالم حال واقعہ نتیجہ وغیرہ
ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا ۔ آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا + مگر آپکے لیے
گوارا کیا جائیگا + مذکر کا مرجع نقصان وغیرہ اودھ پنچ دوم مئی ۱۸۸۹ء "گو یہ کیا
اور لیلے تسلی نہ دے ملنے کی مہلت میں مگر آپکے لیے گوارا کیا جائیگا + اسی طرح
اور بھی حلے من چھین مضمرات اسی طرح کے آتے ہیں **مونث کی مثالیں** صاحب
دو یکرلے یہ لکھی ہیں - ہمارے اونکے خوب جمتی ہے + لے مرکی اور اڑائی + ہلکی
رسی + ہمارے اونکے بگڑی + اور بھی بے مرکی اور اڑائی ضمیر مونث بات وغیرہ
اودھ پنچ دوم مئی ۱۸۸۹ء "اور نہ ہی اچھی لے مرکی اور اڑائی + اطمینان سے گذر تی گئی
تو وفات عمر عزیز وغیرہ اودھ پنچ ۲ جون ۱۸۸۹ء "الرحمن جیسی طرح اطمینان سے گذر گئی
لے بھاؤ کی پڑی ہے ضمیر مونث جوتیاں جو تعلیں چھینٹیں وغیرہ اودھ پنچ ۲۳ جولائی ۱۸۸۹ء
"ہو صاحب پیر زادہ لے بھاؤ کی پڑی ہے کہ تو بھی یاد رہی + یہ تو ہوتی آئی ہے ضمیر مونث
بات رسم وغیرہ + اودھ پنچ ۱۲ جولائی ۱۸۸۹ء "یہ تو ہوتی آئی ہے" غالب
ہوتی آئی ہے کہ اچھوں کو برا کہتے ہیں

فائدہ یکصد و پنجاہ و دوم دریائے لطافت صفحہ ۲۱۲ + جسمیں جمع لونڈی کی
ضرورت ہے اوسکو واحد کے طریق پر بولنا چاہیے ایک گھوڑا - ایک بلی - ایک کا سر کی طرح

۵ بیج اور بھی ... سمجھتا ہے وہ کیا جھوٹے موٹ ۔ جا بیج بیج اگر اور دو نے کہا جھوٹی ...
مگر میرے نزدیک ... ثانی میں کوئی سخن محذوف ہے یعنی اور دو نے اگر کوئی سخن کہا جھوٹ موٹ
اس صورت میں کہا تا قافیہ الف سے ہوگا ۔ اور اگر کوئی بات کو محذوف سمجھیں تو کہا کی جگہ کہی کہینگے
پس ... نہ مذکر ہے نہ مونث بلکہ ایک صفت ہے سخن یا بات کی ۔

فائدہ صد و بست و ہفتم ۔ مارے اصطلاح اردو میں بمعنی افراط کے مستعمل
ہے یائے مجہول ہے بصیغہ مذکر ۔ اگرچہ لفظ مذکر مونث دونوں کے اسم
ساتھ استعمال کیا جاتا ہے جیسے مارے تجابّ کے اور مارے شرم کے ۔ حجاب مذکر ہے
اور شرم مونث ۔ مگر مونث کے لئے یائے معروف نہ کہینگے ۔
اور مارے بمعنی تواتر کے بھی آتا ہے ۔ ناسخ ۵ جبیں کیونکر نہ میں مار سجدوں کے
نہ گھس ڈالیں ہوا ہے پر سے سنگ آستاں سے پرِ صنم پیدا ۔

فائدہ صد و بست و ہشتم ۔ مقدرات مونث و مذکر کی بھی تبدیلیاں بھی ایسی
ہوتی ہیں ۔ اور فعل سے ان کی تبدیلی کا ظہور ہوتا ہے مثلاً اودھ پنچ ۱۲ اکتوبر ۱۸۷۹ء
میں لکھا ہے " میاں تمہاری عقل ماری گئی ہے ۔ ہیں ... سمجھا گیا ہے ۔ اسمیں
سخن یا امر وغیرہ مقدر ہیں " اور اسکو " سوجھی گیا ہے " یائے معروف سے بھی کہتے
ہیں اسمیں بات مقدر ہے ۔

فائدہ صد و بست و نہم ۔ اچھا ایک کلمہ ہے کہ تسلیم کر لینے کے مقام پر
اردو میں بولا جاتا ہے مثلاً صاحب اچھا ۔ یہ ہمیشہ مذکر ہی بولا جائیگا کبھی بہت اچھی یائے
معروف سے نہ کہینگے ۔

فائدہ صد و سی ام ۔ کبھی مصدر بھی مقدر ہوتا ہے جیسے اودھ پنچ ۱۴ اکتوبر
۱۸۷۹ء میں ہے " جہاں تک الغم ہو سکیگا نہ فیدا [illegible] لوٹینگے " یعنی لوٹنا
ہو سکیگا ۔ اس مقام پر ہو سکیگی نہ کہینگے ۔

نقطہ واحد	ملابلی	حروف									معاـــــــــے
کاواں	معہ ملابلی مس ہوگی										
بیواں	العشا										
انیسواں	لسٹھوس	سے	پر	کو	میں	نے	کا	کی	کے	تک	تاعن
آلواں	آلوس	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃
حالواں	ہالوس	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃
سرہالواں	سرہالوس	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃
سالواں	سالوس	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃
ملالواں	ملالوس	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃
کیراں	کیرہیں	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃
دہواں	دہوس	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃
پاکھواں	پاکوس	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃
سالواں	سالوس	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃
آٹھواں	آٹھوس	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃
نواں	نوس	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃
دلسواں	دسوس	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃

واضح ہو کہ ضمیر اد کے لیے اگر شئے مذکر ہو تو پاکوس سالوس وغیرہ میں ملے مجہول ہوگی ۔ اور اگر شئے مونث ہو تو یہ یائے معروف ہوگی جیسے حلّا مرشِ میں اور نوس اور اسکی بعد الو اسیر ستمبوں ہم اُنکی قابل رعب برابر ہے ÷ دہواں ہمارا اصلاً نوس سے نکالیں ÷

فائدہ صد و چہل و ہشتم ۔ صاحب دو بیکر نے حموت مونث کو کہ دہلی کا محاورہ ہے بجائے حموت مونث کہ لکھنؤ کا محاورہ ہے) موت لکھا ہے اور ظفر کا شعر سند میں دیا ہے

فائدہ صد و چہل و سوم - بعض الفاظ باوجود مونث ہونے کے بترکیب دیگر مذکر ہو جاتے ہیں - جیسے گرد باد کہ حقیقت میں باد بحدہ کا ترجمہ ہے - اصل میں باد کا لفظ ہے اور یہ مونث ہے - تو گرد باد کو بھی مونث ہونا چاہئے - مگر مذکر بولا جاتا ہے - ناسخ شعر
لے صاف سرو چراغاں بنا دیا + اوٹھا جو گرد باد ہمارے غبار کا + خلال شعر صحرا میں پیری کم روی کا اثر یہ ہے + ہر گرد باد شعلہ جوالہ ہو گیا + اسی طرح دستر خوان یا دستار خوان کا حال ہے کہ دستار مونث ہے - اسکو بھی مونث ہونا چاہئے - مگر مذکر استعمال ہوتا ہے - مصرعہ طلسم سنہ ۳ - ہمود دستر خوان پر جا سب ہوا تھا - کسی نے کنارہ کیا تھا -

فائدہ صد و چہل و چہارم - کسی ایک ہی معنی کا لفظ بلکہ ایک ہی لفظ - مذکر مونث کی علامتیں لگانے سے مذکر مونث ہو جاتا ہے - جیسے پرچھاواں مذکر ہے - اور پرچھائیں مونث - آتش شعر چہرہ آئینہ ہے گل عکس ہے رخسار گلگوں کا + رہا جو سرو پر چھاواں ہی تیرے قد موزوں کا + رند شعر اوڑی ہے تیرے دیوانے سے عالم کو گزند + سائے کی پرچھائیں بھی سودائی کی +

فائدہ صد و چہل و پنجم - جناب جلال نے کارآمد مصرعوں میں لکھا ہے کہ جس کلمہ کے آخر میں لفظ واں ہے وہ بیشتر مذکر بولا جاتا ہے - مانند کاروان - سیچواں - لٹھواں - آنواں - حمالوان - برچھالواں - سائبان - پلاواں - کنواں - دہواں - پانچواں - ساتواں - نواں - دسواں - وغیرہ - سوا اسکے بس لوان کے کہ مونث ہے -

مصنف [illegible] عرض کرتا ہے کہ میں اس قاعدہ کو مع استثناء مذکور کے اوپر لکھ چکا ہوں - اس مقام پر جن جہان کے لکھنے سے [illegible] مطلب یہ ہے کہ جناب جلال نے ان لفظوں کی جمع کی صورتیں میں [illegible] ملا کر انکی جمع میں [illegible] اختلاف ہے - واضح ہو کہ الفاظ مذکر کے حروف [illegible] وان [illegible] جمع [illegible] بعض بعض صورتوں پر جمع کے وقت خود لفظ کے آخر حروف میں [illegible] ہو جاتا ہے - [illegible] لفظ [illegible] - اس میں بہت کا فرق سا ماہرں -

ضمیر تثنیہ قرآن کی طرف پھیری ہے نہ کہ لوح کی طرف - لوح مذکر نہیں ہے

فائدہ چہل و یکم - لفظ مذکر کے لئے اکثر علامت تانیث ضرور نہیں - حروف اشارہ وغیرہ سے اوسکی تانیث ظاہر کر دیتے ہیں - آتش ؎ چاشنی دونون کی چکھی ہے جو حق تلخ ہے ٭ اون لب شیرین سے شیرین نیشکر کوئی تھا ٭ بھائی شیرین جانتا تھا مگر فقط اوان سے کے لفظ سے کام نکال لیا -

فائدہ چہل و دوم - صاحب مفید الشعرا لکھتے ہیں - کہ طوطی ایک کنایہ خاص کے معنی پر جو آتا ہے مذکر بولا جاتا ہے بحر مرحوم ؎ شہرہ ہے اوس سبزہ رخسار کا ٭ خوب طوطی بولتا ہے یار کا ٭ برق ؎ کیا بولتا ہے طوطی شیرین مقال یار ٭ شہرہ جہان میں ہے خط بے مثال کا ٭ وزیر ؎ ہے شعبدہ ہم عقل ٭ طوطی ستون کا بولتا ہے ٭ اور جہان اپنے معنی تحقیقی پر آتا ہے مونث استعمال پاتا ہے - رشک ؎ طوطی سبزہ خط صاف بھی کہتی ہے ٭ ہے یہی آئنہ عارض جانان اب تک ٭ بحر ؎ آئنہ ہوتا ہے منہ دیکھکے پانی پانی ٭ طوطیان ہوتی ہیں سنکر تری تقریر سفید ٭

بندہ صغیر بلگرامی کہتا ہے کہ میں پہلے اسکی تصریح اس کتاب کی فصل مختلف فیہ کے چوتھی بیان میں کر دی ہے کہ بعض الفاظ واحد مذکر بولے جاتے ہیں - اور جمع اونکی مونث مستعمل ہوتی ہے جیسے لفظ مذکر واحد اور لفظیں مونث جمع - اسیطرح طوطی مذکر واحد - اور طوطیان مونث واحد - (دیکھو بیان ہمارا فصل مختلف فیہ) اور جناب جلال نے کنایۃ جو لکھا ہے اوسکی حقیقت یہ ہے کہ کسی کا طوطی بولنا - محاورہ ہے شہرہ ہونے کے معنے پر - تو اس معنے پر اور اصلی معنی پر دونون طرح طوطی مذکر واحد ہے - کنایہ و نایہ اسمین کچھ نہیں - اور رشک کے شعر کی سند جو دی گئی اسکو ماننا مشکل ہے کیونکہ طوطی سبزہ خط صاف بھی کہتا ہے ٭ بھی ہو سکتا ہے اور دوسری غلطی کتابت ہے یہ مثال کافی نہیں - حضرت جلال ایسی مثالین [illegible] -

ساتھ لگنے سے مؤنث ہی بولی جاتی ہیں۔ مگر بعض مرتبہ جب اسم محذوف یا مقدر ہوتا ہے
اوس وقت ایکا یا ایکی کا محل خیال رکھنا دشوار ہے۔ اور وہ اسمائے محذوف مثل
مرتبہ پلہ دفعہ تان آم وغیرہ مذکر ہیں اور بار دفعہ وغیرہ ہیں۔ مگر عوام بار او
دفعہ کو مذکر اور مرتبہ کو مؤنث بول جاتے ہیں۔

فائدہ صد و بیست و ہشتم۔ بعض مرتبہ فصحا اور اساتذہ مسلم الثبوت ہی مذکر و
مؤنث میں دھوکا کھا جاتے ہیں جیسے حضرت آتش نے معروف کے لفظ میں کہ مؤنث
وہی لکھا تھا ۔ شعر۔ عرب میں اوسکی داب ناک سے + اور بولتے ہیں ہوش ہوا ان
ادراک کے + اور حضرت انیس نے چال بھی رفتار کے لفظ میں کہ مؤنث ہے ۔ شعر
دب دیکھے ہے بیرے ہی اقبال سے اوسکے   میدان میں تماشہ ہوا چال سے اوسکے
اللہ اس سے ان لوگوں کی اوستادی نہیں جاتی۔ یہ لسرت ہے

فائدہ صد و بیست و نہم۔ لکھا بکسر لام و فتح کاف تازی مشدد مخلوط اللفظ
بمعنی بخت و نصیب ۔ مذکر ہے اور بخت اور نصیب ہی مذکر ہیں۔ مگر قسمت کو کہ بمعنی
نصیب مؤنث ہے بخت اور نصیب کی طرح قیاس کرکے۔ لکھا کے مقابل ہی لکھی ۔
کہینگے۔ اس معنی پر فقط لکھا ہی مستعمل ہے۔ لا اعلم ۔ شعر۔ خط وہ بھیجے رقیب کا لکھا
یہ ہی اپنے نصیب کا لکھا + اس شعر میں لکھا بمعنی نوشتہ مقدر ہے۔ مگر صبا کے اس شعر میں
تحریر ان استادات ۔ شعر۔ لیلی کی لیا خبر ہی۔ کون جانتا تھا + لیلی کے ساتھ تیر کا محبوس ہو آ
ہوگا + دوسرے مصرع میں لکھا بمعنی بخت و نصیب ہے۔ اور کہیں لکھا تخفیف کاف ہی مذہبا ہے اکثر
بیچا ہوں ہے کے لکھے لکھکے ونلی لپسرکو خط + یہ بھی لکھا کہ ڈاک میں لمر بدل گیا + یہی یہی معنی

فائدہ صد و سی ام۔ چہلم۔ صاحب دو پیکر لوح کو مذکر اور مؤنث دونوں لکھے ہیں
اور مذکر کے لئے اسیر نہیں نے اس شعر کی کہ سند دی ہے ۔ شعر۔ زر وہ ہے اہل حق کو ہی ملتا ہے
آبرو + لوح طلا سے ذلعہ تحریر قرآن چمک گیا + حالانکہ اس سے تذکیر ثابت نہیں ہوتی۔ فعل میں آتا ہے

شاید سہو سے لکھا گیا - یا دہلی میں ایسا ہی ہو - مگر لکھنؤ میں تو افیون کو مونث ہی بولتے ہیں
فائدہ صد و سی و چہارم - لغات ہندوستانی میں افزود بمعنی زیادہ ہوا اور کم
مذکر لکھا ہے - حالانکہ اسکی تذکیر کی کوئی وجہ نہیں ہے - کیونکہ افزود کا لفظ بغیر مقدار اور تعداد
محدود کے معنی نہ دیگا - اور مقدار اور تعداد کے واسطے شئے کا ہونا ضرور ہے - پس اگر
شئے اگر مذکر ہے تو فعل میں تذکیر ہوگی جیسے ؎ وہ بعد اک مہینہ کے موجود ہو لیا * الفت
اوسکے وعدے میں افزود ہو گیا - اسیطرح اگر وہ شئے مونث ہے تو فعل میں تانیث ہوگی مثلا ؎
تیری صورت جب تک اپنی آنکھ سے مفقود تھی   عمر کی تعداد میں اوتنی گھڑی افزود تھی
یا جیسے ایک من سے سیر بھر پستہ افزود ہوا - اور آدہ سیر کشمش افزود ہو گئی -
فائدہ صد و سی و پنجم - صاحب لغات ہندوستانی نے افیون کو مذکر اور افیم کو مونث
لکھا ہے - مگر اسکی وجہ نہیں معلوم ہوتی - یہ بھی مثل آس مراد - اور آس اولاد کے سمجھنا چاہیے
(دیکھو فائدہ صد و سی و سوم) یعنی سہو ہو گیا - درحقیقت افیون جمہور میں مونث ہے - اور دہلی میں
ہو تو ہو - مگر لکھنؤ میں مونث ہی ہے - وزیر ؎ گلشن میں کیا اشارہ لیا خال یار نے *
افیون باغبان کو دی کوکنار نے * لیجیے دہلی میں بھی مونث ہی ہے ظفر ؎ عدو کے ہاتھ سے
تر ساغر سے وان پیئے گا تو * تو سن لیجو یہاں ہم نے بھی افیون کھائی ہوویگی * اور افیم
غلط العوام اور ساقط الاعتبار ہے -
فائدہ صد و سی و ششم - لغات ہندوستانی میں - امسال بکسر الف و سکون میم
و فتح سین تا الالف و لام کو مذکر لکھا ہے - اسکی بھی وجہ نہیں معلوم ہوتی - اسکی تذکیر کی تو
کوئی حاجت نہیں - کیونکہ اگر یوں کہا جائے کہ (امسال آئیگا تو فلان کام کیا جائیگا) تو خلاف
محاورہ ہے - بلکہ اس مطلب کے لئے یوں بولینگے (اب کا سال آئیگا الخ)
فائدہ صد و سی و ہفتم - اکا بائے مجہول مذکر ہے لئے - اور اکی بہائی مونث
مونث لئے مستعمل ہے جب اسکے ساتھ اسم مذکر یا مونث ہو تو کوئی قید نہیں لیک

کہ یہ کا اسمیں علامت مذکر ہے مگر مرد کے واسطے - اور اگر عورت کو کہینگے لو کا کے
بدلے کی آلو لینگے - اس صورت میں اسم مذکر کہاں رہا - بلکہ مذکر و مونث دونوں میں یہ
محاورہ مشترک ٹھہرا - اسیطرح اپنے نام کا ایک اور اپنے نام کی ایک ہی ہے -

فائدہ صد و سی ام - بہت سے محاورے ہیں کہ وہ مونث ہی بولے جاتے ہیں
اونکی تذکیر جس نہیں رہتی جیسے ابھی ہمت کر لی یا ایسی ہی کی اسکی جگہ اپنا سا منہ کر لیا
اور اپنا سا کیا - کہینگے -

فائدہ صد و سی و یکم - بہت سے محاورے ایسے ہیں جنمیں اصلی لفظ محذوف یا مقدر
ہوتا ہے - اور وہ محاورہ بحسب تقدیر مذکر یا مونث بولا جاتا ہے جیسے ابھی گرہ کا مذکر
یعنی مال یا روپیہ یا نقد - اور اسیطرح ابھی سی کر لی یعنی محنت مذکر - اور اسیطرح آٹھویں
ساتویں اسمیں دن کا لفظ محذوف ہے یعنی آٹھویں ساتویں دن - زند شعر
بروصحت بہ وہ الف بہ مدارات رہی　　آٹھویں ساتویں کی مجھسے ملاقات رہی
یہاں مراد ہفتہ عشرہ سے ہی ہے - اور اسیطرح دسویں یا دسویں محرم میں تاریخ کا
لفظ محذوف یا مقدر ہے - دبیر شعر دسویں ہے روز جمعہ ہے وقت نماز ہے + روزے
سا بنہ کا سوکھے پیا ہے + یعنی دسویں تاریخ محرم کی - اسیطرح سحر کا شعر
ٹھاٹ لو جہدی کے تھے جب کہ نویں ہوتی تھی + لشتہ جب کہا پکو کہتے تھے نہیں ہوتی تھی + یہاں
نویں تاریخ ربیع الاول سے مراد ہے -

فائدہ صد و سی و دوم - اوچٹائی گیرا - اسم مذکر ہے - اسکی تانیث الف گرا کر
ی کا لفظ لگا لینے سے ہوتی ہے - اوچٹائی گیری -

فائدہ صد و سی و سوم - لغات ہندوستانی میں آس اولاد بمعنی بال بچے
مونث اور آس مراد بمعنی کل اولاد مذکر لکھا ہے - حالانکہ اسکے اختلاف کی کوئی وجہ
نہیں - کیونکہ آس اور اولاد جسطرح مونث ہیں اوسیطرح آس مراد بھی مونث ہیں -

دوا آیا ہے میرا رات تجوا تیرے آنے سے جبہ یا بوسی ہوئی ہے اشعار مرکب تھا باشتیاق خواب تھا
یعنے تیرے آنے کی جبہ یا بوسی ہوئی) مونث کے لیے (کی) اور مذکر کے لیے (کے) لانا ہوتا
اسمین جسکے سبب اس تبدیلی کی کوئی حاجت نہ تھی +

فائدہ دو صد و بست و ششم کبھی مصدر کی جگہ امر ہی لاتے ہین اور علامت تذکیر
و تانیث دور کر دیتے ہین جنکا سبب مذکر مونث دونون کا کام نکلتا ہے + بحر ۵
[illegible] نا دانی سے مہ لفظ آتا نہین ‌ ✽ وہ دل بھی کہاں کہ سوتا مشاہدہ ہوگیا ✽ یعنے
[illegible] ٹانا [illegible] ہونا لفظ آنا نہین چاہیئے تھا +

فائدہ دو صد و بست و ہفتم علامت مفعول یعنے (کو) اگر جمع مین لگادی جاتی ہے
تو فعل کو واحد بنا دیتی ہے یعنی فعل مین جمع کی حاجت نہین رہتی + جلال ۵ ہم کو
ہم عاشقون کو سلامل سے بنا تھا ✽ اگر ہم ہوش مین ہوتے تو آہنگر کو سمجھاتے ✽ یعنی
اگر علامت ہوتا اور (کو) نہ لگایا جاتا تو (بنانے تھے) کہنا ہوتا یعنے فعل مین بھی علامت
جمع لگائی جاتی +

فائدہ دو صد و بست و ہشتم کچھ ضرور نہین کہ جس اسم مذکر مین الف تذکیر ہو اوسکا
الف یائے معروف سے تبدیل کرکے اوسکی تانیث بھی بنائی جاوے بلکہ دونون کے
معنے الگ الگ ہو سکتے ہین اور ایک تذکیر اور ایک تانیث کہا جا سکتا ہے جیسے ابرا ضد
استر اور ویلن مذکر مستعمل ہے اب ابری [illegible] اسکے سبب سے مونث نہ سمجھین گے بلکہ
ابری اسم مونث ایک قسم کا رنگدار کاغذ ہوتا ہے جسپر ابر کی طرح نشان بنائے
جاتے ہین اور اوسکو کتابون کی جلدون پہ چمڑی کی جگہ لگاتے ہین انگریزی مین
اوسکو ماربل کہتے ہین +

فائدہ صد و بست و نہم صاحب لغات ہندوستانی لکھتے ہین (اپنی بات کا
ایکسی) اسم مذکر معنی اسکی بات کا بچار راسخ القول ہین مؤلف عرض کرتا ہے کہ

آنکے دیسا تھا مرا تن اب اُبھرا ہوگیا ۔ کیا معنی کس بات کی بحر سے کیا لکی ہے رکت شتیا
تیری ۔ حام سب حوض میں حم چلتے ہیں انداز اسے میں ۔

فائدہ صد و بست و دوم اسیطرح ایسا کی جگہ (یہ) کا لفظ لاتے ہیں جو مذکر
اور مونث دونوں میں کام دیتا ہے ناسخ ۔ یہ دہن ہے تنگ اوسکا جو بولا ہوتے ہی
دستگے کہنے یہ لڑکا سیدھا یاں پیدا ہوا ۔ اسیطرح یہ کچھ بجائے ایسا یا ایسی یا اسقدر
لاتے ہیں ظلم ۔ الہٰی بتوں کی یہ کچھ بدگمانیاں ۔ کعبہ بلا و ساتھ مرے برہمن ہوا ۔

فائدہ صد و بست و سوم کبھی مذکر و مونث سے بچنے کے لئے (کیا ہی ہے) کا
حملہ استعمال کرتے ہیں جو دونوں میں کام دیتا ہے یعنی کیا یا کیسا اچھا ہے مذکر کے لئے
اور کیا یا کیسی اچھی ہے مونث کے واسطے ہے مگر کیا کے ساتھ (ہی) کے لگانے سے تذکیر
اور تانیث دونوں میں ایک ہی حملہ کام آگیا ناسخ ۔ کیا ہی ہے خاک کی ملنی
سنہری رنگت ۔ کبھی اکسیر سے ایسا نہوا زر پیدا ۔ محرم میں کیا ہی تو رکی جگیاں ملی
ہے ۔ دکھلی کے پرستاروں کی آنکھیں کریں سکے پاؤں ۔

فائدہ صد و بست و چہارم حالت تشبیہ میں کسی چیز کو جس چیز کے ساتھ تشبیہ
دیجائے تو اگر وہ چیز جسکے ساتھ نسبت رکھتی ہے اور اوس نسبت میں علامت جمع
ہے اور اوس [illegible] اول سے ہے ۔ چیز کو اور اوسکو جسکی تشبیہ اوس چیز سے دی گئی ہے واحد رکھیں تو
جیسے ناسخ فرماتے ہیں ۔ امام ۔ امرم ۔ حرم میں چاندنی سے کیا خوش ہوں ۔ طلوع ہے ہر
در کا ۔ چاندنی جس چیز کو تشبیہ دروشنائی کی ہوئی اور چادر جس چیز سے تشبیہ دی دونوں واحد
ہیں اور چادر تربت کیطرف منسوب مذکر ہے اور تربت میں علامت جمع لگائی ہے
ی رسول ۔

فائدہ صد و بست و پنجم کبھی (کی) جو علامت اضافت کی ہے (سے) کے ساتھ
حالت ہے جس سے مذکر و مونث دونوں میں ایک طرح اوس کا استعمال ہوجاتا ہے ۔

تحتانی مجہول سے بدل دیتے ہیں اور (پہلے) بروزن (ایسے) ہیں تقریر میں تو جاری ہے
مگر تحریر میں کبھی نہیں شعر میں کبھی مولف نے (پہلے) کا قافیہ بندھا ہوا دیکھا ہے اسوقت
وہ شعر یا شاعر ذہن میں نہیں اور نہ شاعر کا نام یاد ہے + غرض دہلی یا لکھنو میں اس حرف کا
بھی اختلاف ظاہر ہے کہ لکھنو میں (پہ) بغیر یاے تحتانی یا ہے تحتی سے اور دہلی میں
(پہے) یاے تحتانی مجہول سے لیتے ہیں + اور اس (پہ) یا (پر) کے معنے واسطے کے بھی
ہیں جیسے فارسی میں (براے) کہتے ہیں + آتش نے اس شعر میں (پہ) اور اسکے معنے واسطے
کے دونوں کی مثال موجود ہے ؎ لاکھوں نے کاٹ کے سر رکھدیے قاتل کے حضور +
انگلیاں ہوگئیں پہ سست پہ جو دو چار جدا +

فائدہ شعرا جو فصیح ہیں کبھی کبھی ایسا لفظ استعمال کرتے ہیں جو مذکر اور مونث میں
یکساں کام دے جیسے لفظ (کیا) جو علامت تشبیہ کے لئے آتا ہے مذکر کے لیے ہے اور
اسکے الف کو جب یاے معروف سے بدل دینگے تو مونث کے لئے ہو جائیگا + کبھی کسی
جا (کیا) اسلیے [illegible] سبب تبدیلی واقع نہیں ہوتی اور مذکر اور مونث دونوں سے
کام آتا ہے جیسے ناسخ فرماتے ہیں ؎ گرد ہے کیا عکس تیرے روے آتشناک کا + بائیں ہیں
پشت کا معدوم سیماب پارہ ہوا + عکس مذکر ہے معنے یہ ہوے کہ عکس روے آتشناک کیا گرم
ہے اور مونث کے لیے یہ شعر ؎ کیا بات نکالی ہے خط یار نے [illegible] + مضمون وصال بنتا
نہیں دکھائی دیا ہے + یعنے بات مونث ہے معنے یہ ہوے کہ کیسی بات نکالی ہے +
قلب [illegible] اور [illegible] کیا - کئی معنی پر مستعمل ہوتا ہے - کیا بمعنی شاید ناسخ ؎ چشم بد دور
آج آئے [illegible] کیا کمال ہوا + سبزۂ خط کیا غزال چشم کا چارا ہوا + دوسرے
مصرع کا کیا بمعنی شاید ہے [illegible] ؎ [illegible] کیا اسکو + رنگ بدلا جو [illegible]
لیا - کیا [illegible] ناسخ ؎ ابر [illegible] کیا چشم [illegible] + [illegible] کنارہ
جو ہم دیار [illegible] کیا بجا ہے [illegible] کیا دکھائی ہے [illegible]

کہ تبدیلی (ا) یا (ہ) کی یائے مجہول سے بطور ہندی کے ہے + اور جب اضافت یا عطف
واقع ہوا تو وہ لفظ فارسی ہو گیا اور فارسی میں (ا) یا (ہ) یائے مجہول سے نہیں بدلی +
اسی لئے فصحا ایسے موقع پر حروف روابط کے استعمال سے بچتے ہیں اور بحالت اضافت
و عطف لفظ + اوسکے آگے حروف معنوی کو نہیں لاتے لیکن ذوق دہلوی نے اسکا
خیال نہیں رکھا اور فرماگئے ؎ کوسوں گیا تنگی زمانہ کو دکھ نہیں جائے سرا و ٹھکانے کو
تنگی میں اضافت واقع ہے اسلئے زمانہ کی ہائے مختفی یائے مجہول سے بدل نہیں سکتی +
اور سرا و ٹھکانے کا قافیہ (کہ حسب قاعدہ ہندی اسکی (ہ) یائے مجہول سے بدلگئی ہے) اسکے
مقابل یائے مجہول چاہتا ہے اور حسب محاورہ باوجود بیقاعدہ ہونے کے زمانہ کو اپنی
طرف کھینچتا ہے اور قاعدہ کے رو سے زمانہ اودھر جا نہیں سکتا + غرض یہ قافیہ عجب
کشمکش میں پڑکر آخر او ٹھکانے کی تبعیت کرتا ہے اور تنگی زمانے کو لوٹنا پڑتا ہے + یہی حال
آب و دانہ کا ہے کہ واو عطف کے سبب سے اسکی (ہ) یائے مجہول سے نہیں بدل سکتی +
ناچار عطف کو نکال دینا پڑتا ہے + شاعر کو ان باتوں کا بہت لحاظ رکھنا چاہئے کہ جس
لفظ میں الف تذکیر یا ہائے مختفی ہو یعنے جو الف یا ہائے مختفی یائے مجہول سے بدل سکتی ہو
اوسکے آگے اگر حروف معنوی لانے کی ضرورت ہو تو اوسکو مضاف مضاف الیہ یا
معطوف معطوف الیہ وغیرہ نہ کریں نہیں تو یہی حالت ہوگی + اور اسیطرح در[illegible]
فائدہ صد و بستم (پہ) کا حرف بلندی کے معنے دیتا ہے فارسی میں (بر) [illegible]
موجود سے کہتے ہیں اردو میں یہ حرف مخفف بھی آتا ہے یعنے (پہ) [illegible] گرکر +
بضرورت وزن + لکھنؤ میں ناسخ تک نے تو جائز رکھا + مگر رشک نے اس تخفیف
ناجائز قرار دیا اور اپنے کلام سے اس تخفیف کو خارج کر دیا + لیکن خواجہ وزیر
اور بحر سحر وغیرہ شاگردان ناسخ نے ناسخ کی تقلید کی + اور دہلی میں رائے مہملہ کو ساقط
کرکے ہائے مختفی کو جو واسطے اظہار حرکت ماقبل کے لکھی ہے ضروریات سے ہے یا

جائز نہین مگر عوام اسکا خیال نہین رکھتے +

فائدہ صد و شانزدہم اور حالت جمع مین لفظ مونث کی جمع جب فعل سے ثابت کرینگے تو علامت تانیث کا لانا مستحسن ہے اور نہ لائین تو بھی خلاف محاورہ نہین جیسے ظفر کہتے ہین

ع جس سے چار آنکھین تری اے آفت جان ہو گئین ؎ تیر سی اوسکے جگر کے پار مژگان ہو گئین

(یہان مژگانین ہو گئین چاہتا تھا)

فائدہ صد و هفدہم جب دو لفظ مذکر و مونث باہم آتے ہین تو فعل مین خواہ بے اسم صفات یا بسبب اسم صفات کے آجانیکے اونکی ضمیر بصیغہ مذکر بولی جاتی ہے ظفر ع گو جلا پروانہ جلد اور شمع نے دیر کی ؎ لیکن آتش سے محبت کی جلے دونون ہی ہین ؎ داغ ع خوشنما عارض پر ہے تیرے خط بھی ہے اور زلف بھی ؎ لگتے نظرون مین مری کافر بھلے دونون ہی ہین دیکھیے پہلے مین ضمیرین مذکر کی ہین اور پروانہ کے ساتھ شمع اور خط کے ساتھ زلف مونث ہے مگر پہلے شعر مین بے اسم صفات اور دوسرے شعر مین اسم صفات کے سبب سے کافر کا لفظ ہے ضمیرین مذکر ہو گئین +

فائدہ صد و هیجدہم جب کسی لفظ مذکر کے آخر مین حرف علت ہوتا ہے اور اوس لفظ کو جمع کرنا ہوتا ہے یا حروف روابط کے آنیکے سبب سے گرانا ہوتا ہے تو بقاعدہ الف غیر اصلی عین بھی یاے مجہول سے بدل جاتا ہے ظفر ع خیال آجاتا ہے جسوقت ترے قد موزون کا ؎ تو مصرع آہ کے کیا کیا ہمارے دل سے ڈہلتے ہین + لا اعلم ع رکھا جو اپنے ہاتھ کو اک وزن ہو گیا ؎ مصرع کو تمنے سرو کے موزون بنا دیا ؎

فائدہ صد و نوزدہم + حروف روابط یا حروف معنوی جب ایسے لفظ مذکر کے ساتھ آتے ہین جن مین الف یا ہاے مختفی ہو تو اوس الف اور ہاے مختفی کی تبدیلی تقریرا اور تحریرا یاے مجہول سے ضرور ہوگی + مگر جب اوس لفظ مین مضاف مضاف الیہ یا عطف واقع ہو تو وہ الف اور ہاے مختفی یاے مجہول سے بدل نہین سکتی + وجہ اسکی

یہاں اسکا گمان ہو کہ قریب ضمیر مذکر کی ہے اسلئے لگا میں علامت مذکر لگائی گئی + مطلب یہ کلیہ سمجھایا ہے کہ جو لفظ اگر عورت کے لفظ کے ساتھ ہو تو ضمیر فعل مذکر ہی کہی جائیگی +

فائدہ صد و چہاردہم کبھی اصلی دو چیزوں کو بصیغہ واحد ہی بامدتی جیسے نواب مرزا لکھنوی کان کے لفظ کو کہ دونیں واحد باندھا ہے ؎ رسکہ رہتا ہے آپکا اوسکے درمیان صداے دربہ در در دو اسا کان لگا + اور اسیطرح آنکھہ کہ دو میں جواحد وزیر کہتے ہیں ؎ دم بھر جو دیکھے مجھے ای رشک پری آنکھہ + مرگاں سکے ربا ویسکرے نوحہ گری آنکھہ + ناسخ ؎ ایسی تری موتی کی لڑی ہے جو لڑتی آنکھہ + توڑے گی لی ای جاں سا اشکوں کی لڑی آنکھہ + آتش ؎ خوب آگاہ ہے نظارے کے دستور سے آنکھہ + بہ شکوہ ہے لڑا استحکام آنکھہ + ولی ؎ کسر مہ سے تری یار کی جادو سے بھری آنکھہ + دیوانہ ہوا ہے کہ دیکھی وہ پری آنکھہ + اسکے وجہ یہ ہے کہ دونوں کان اور دونوں آنکھوں سے ملکر ایک ہی فعل ایکہی دفعہ واقع ہوتا ہے اسلئے انکے واسطے فعل میں جمع اور واحد دونوں ضمیریں آتی ہیں +

تنبیہ اگر کہا جاے کہ یہ وجہ درست نہیں کیونکہ رخسار بھی دو میں اور اونکی ضمیر فعل میں جمع دونوں طرح آتی ہے۔ آتش ؎ راہ ہستی میں ہیں رخسار جسم سے زندگی + تارہ دم کرتا ہے مسافر کو ہے تکیہ راہ کا + کہ ایک ہی رخسار کا عشق تھا یہاں دونوں رخسار مراد نہیں ہے کیونکہ تکیہ سے مثال دی ہے اور تکیہ واحد ہے + اسکا جواب یہ ہے کہ رخسار سے مراد تمام چہرہ ہے بھی ہو سکتی ہے اسلئے دونوں کو ایک قرار دیکر باندھا + اور اسیطرح حالم عاصی فعل واحد علی شاہ نے گیسو کو مفرد باندھا ہے ؎ گیسوے حمرا اوسکے رخ پہ جل کھانے لگا + جسے عشاق پرس سانپ لہرانے لگا +

فائدہ صد و پانزدہم حالت جمع میں لفظ مونث کے لئے جب علامت تانیث جمع تانیث کر دی تو فعل سے اوسکے جمع تانیث نہیں کرتے + جیسے ظفر ؎ ٹہلا دی دل سے ظفر اور مذکرہے سارے + وہ یاد رکھہ کہ جو میں اوسکے ماں کی باتیں یہاں (یاد کیں باتیں) کہا

اسمیں سبب کا لفظ محذوف ہے - یہاں وجہ کا لفظ بھی محذوف ہو سکتا ہے جو مونث ہے
مگر سامع کو ہرگز خیال وجہ لفظ کا نہ ہوگا بلکہ یہاں حسب محاورہ سبب ہی کا محل سمجھیگا -
درخشاں شاگرد اسیر ؎ سادہ لوح اوسکی روشن ہے مگر تم ہو آئینہ ہر دم جو
ہوتا ہے مقابل کیا ہوا ۞ یعنے کیا حرج ہوا کیا نقصان ہوا واضح ہو کہ ایسے مقام پر ضمیر
مذکر ہی کا استعمال ہوگا مونث کا استعمال ہرگز جائز نہیں اگرچہ بات کا لفظ محذوف ہو سکتا ہے

فائدہ صد و یازدہم اور علامت متکلم اگر محذوف کی جائیگی یعنے (ہمین) تو مذکر کے
لئے مذکر کی ضمیر اور مونث کے لئے مونث کی ضمیر فعل سے ثابت کی جائیگی جسطرح انعام
موصوف کی اس شعر میں ؎ حسن کی سرکار میں لینے کے دینے پڑ گئے ۞ آبرو جاتی رہی
بوسے کا سائل کیا ہوا + یہاں متکلم مذکر ہے + اسلئے ضمیر مذکر آئی اور اگر متکلم مونث ہو تو ضمیر
مونث کی آئیگی جیسے ؎ آبرو جاتی رہی بوسے کی سائل کیا ہوئی ۞ اور محذوف ان دونو نظیروں
میں ہم کا لفظ ہے +

فائدہ صد و دوازدہم جمع کو بصیغہ فعل مفرد بھی باندھنا جائز ہے + سہیل سید محمد
فیض آبادی ؎ درد فرقت سے شب و [illegible] گریاں آنکھیں ۞ اس سے بڑھکر غم و اندوہ
بھلا کیا ہوگا ۞ یعنے کیا ہونگے چاہتا تھا +

فائدہ صد و سیزدہم (جو) کا لفظ اگر تنہا کسی جملہ مین آتا ہے تو بصیغہ مذکر استعمال پاتا ہے
اور شخص کا لفظ اس کے آگے محذوف سمجھا جاتا ہے یعنے جو شخص یا جو کوئی بجای جو شخص
اسلئے مرد کا لفظ لگانا ضرور نہین + اور اگر مونث باندھنا ہو تو عورت کا لفظ لگانا ضرور ہوگا
یا وہ لفظ جو مونث ہو استعمال کرنا ہوگا - جیسے جو عورت آئی یا جو لڑکی آئی + اور اگر آنیوالوں
اور جانے والوں کی تقسیم مین مونث و مذکر دونوں ہوں تو جو کی ضمیر مذکر ہی استعمال پائیگی
اور شخص کا لفظ اسمیں محذوف سمجھا جائیگا جیسے غالب ؎ بوئے گل نالۂ دل دود چراغ محفل ۞
جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا ۞ بوئے گل مونث ہے اور [illegible] دود مذکر ہیں

فائدہ صد و پنجم الفاظ جو ایک جماعت یا قوم کے لیے مستعمل ہوں مذکر ہیں گو اوس
جماعت مین موءنث بھی ہوں جیسے مسلمان ہندو برہمن وغیرہ +
فائدہ صد و ششم نام نمازوں کے اور اوقات نماز کے موءنث ہیں جیسے نفل ظہر
عصر وغیرہ سوا درس کے موءلف کہتا ہے کہ نفل وغیرہ مین نماز کا وقت محذوف ہے +
اور درس کسی وقت کی نماز کا نام نہین ہاں قسم نماز کا نام ہے + اسکے مقابل میں سبت بھی ہوتی
فائدہ صد و ہفتم نام اوقات شبانروزی کے موءنث ہیں جیسے صبح دوپہر سہ پہر وغیرہ +
فائدہ صد و ہشتم نام ندیوں اور دریاؤں کے موءنث ہیں جیسے گنگا جمنا وغیرہ +
موءلف کہتا ہے کہ یہ بھی کلیہ نہیں ہے + کیونکہ بہت سے دریاوں کے نام مذکر بھی ہیں جیسے
سون سرجو +
فائدہ صد و نہم نام کتابوں کے موءنث ہیں جیسے گلستان بوستان وغیرہ سوا قرآن کے
اور سوا اونکے جنکے آخر میں نامہ ہو +
موءلف کہتا ہے یہ بھی کچھ کلیہ نہیں ہے کیونکہ قاموس بھی مذکر ہے +

اب فوائد چند متعلق تانیث و تذکیر موءلف کو جو شعرا کے کلام سے اور بھی معلوم ہوئے لکھے جاتے ہین

فائدہ صد و دہم محذوفات میں ضمیر مذکر مسلمات شعرا سے اکثر پائی جاتی ہے جیسے
ان اشعار میں واقعہ کا لفظ محذوف ہے اور ضمیر اوسکی مذکر لکھی گئی ہے آصف شاگرد
حکیم سجاد ؎ آپ اوٹھ آئین تو اتنا بیاباں سے لیں حسن + پھر کوئی پوچھے کہ کیوں اے
اہل محفل کیا ہوا - یعنے کیا واقعہ ہوا انعام جان شاگرد ایضاً ؎ رو رہا دوس سکندر کے حرم میں
پوچھے کوئی کس لیے روتی ہے تو ای شمع محفل کیا ہوا یعنے کیا واقعہ ہوا + بہار شاگرد رشک
؎ تیرے دیوانے کے نالے لب داوری تھے موسم کیونکر ہو گئے طوق و سلاسل کیا ہوا +

یا اوسکا اطلاق کیا گیا ہے یا ایک شخص پر اصفہان کا...

یا ان کا واحد پایا نہیں گیا +

فائدہ دوم اگر ایک جملے کی مبتدا یا فاعل دو مذکر ہوئے ہوں فعل یا خبر مذکر ہوتی ہے مومن سے وقت وداع بے سبب آزردہ کیون ہوئے ٭ یون بھی تو رنج و عذاب تھا ٭ آتش سے الفت نے مجھے راہیبت نے اوسے مارا ہے یہ یک جان و دو قالب تھا ٭ اور جب ایک مذکر اور ایک مونث کے ہون تو اول کا اکثر رہا کرتا ہے وزیر سے قصر لیلی کا نشان پاے تہین دنیا مین ہم نے مکان کیا صرف سر مجنون ہوا ٭

فائدہ سوم اگر کئی الفاظ واحد ایک جملے مین آوین سب بلکہ جمع نہیں بنتے + ... سے اے اکبار وہ لطف نے ہم چھوڑ دیا ٭ انس و اخلاص و دلاسا و کرم چھوڑ دیا + ... سے دل قابل محبت جانان نہین رہا ٭ وہ ولولہ وہ جوشش و طغیان نہین رہا + ... ملک کا کلیہ انکے خلاف دیکھا گیا ہے تیرے در کے لئے اسباب نشاط آمادہ ٭ کیون کو جو خدا نے دیے جان و دل و دین ٭

فائدہ سوم جو چیز نامعلوم و محذوف ہو حسب محل مذکر و مونث ہوا کرتی ہے جیسے ... کیا غیرہ مومن سے اور ہی کچھ پڑھا دیا اوسکو دشمنون کے پڑھاے لوگون نے ٭ ... سارے اوسکے خوب چہنی + بے پر کی اڑائی کسی کی نہ سنی + ہمارے اونکی ... وزیر سے ہو گئی صیقل بھی ظالم بارہا کہیں رکھی گئی ٭ تو جو بگڑا ہمسے بن آئی ... والدکی ...

فائدہ چہارم جب لفظ کے آخر یا ما قبل مفتوح ہو مونث سے جیسے ... مولف کہتا ہے درست ہی مگر ... کئے مذکر مین یا لوصف ... دے مین ... شہر کا لفظ محذوف ہے رہے تمین ملک کا لفظ کے دو بادشاہ کا نام ہے ... حبیب کا آمد شعرا نے ... بمعنی پسینا اور ... کے معنی قبیلہ معروف حاتم طائی ... سے بعض ... پر ان سب کو مذکر کہا ہے +

[illegible] سے [illegible] کی طرف سے [illegible] [illegible]

فائدہ نود و ہشتم جب اسم مذکر ہوں [illegible] قبل الف من آخر ہو وہ الف یا ہے
بدل پاتا ہے جیسے کمرہ کی تا عدا در کمرے میں جمع + مگر مونث میں برخلاف مذکر
[illegible] کے جمع کے مستعمل نہیں ہوتا بلکہ اوسکی جمع یا اور یوں سے ہوتی ہے
جیسا [illegible] ساھیں آنکھہ آنکھیں +

فائدہ نود و نہم الفاظ جنکے مفہوم پر مقدار کا اطلاق ہو جمع نہیں ہوتے مگر
کہ [illegible] جیسے [illegible] ترسات [illegible] ہاتش وغیرہ مگر جب الگ اقسام بیان کرنے
سے [illegible] دیا مال دیا گیہوں دیئے + اسے تالک کو اسی راحت کی عوض
دیئے + یہاں گیہوں کا اطلاق عدد پر ہوا اور بیچ کا معنی کر وہ اقسام کا ہوتا
رد اور [illegible] مال کو مقدار ہونے سے واحد میں ایسا ہی مارشیں ہوتی
آئین وغیرہ جب الگ الگ بیان کی جائیں +

تلمیہ مولف کے نزدیک سوائے اوس مذکر کے جسکے آخر میں الف ہو کر اوسکے
بدلی یائے مجہول سے جمع کے وقت ہوتی ہے اور حروف آخر کے الفاظ مذکر
کوئی علامت جمع نہیں اور اسکی جمع [illegible] میں ہوتی ہے + اور مونث کے لئے [illegible]
مقدار نہیں ہو چاہے واحد [illegible] جسکے لئے جس لفظ کے آخر میں سوائے [illegible]
[illegible] حروف (ن) سے جمع ہوتی [illegible] کوئی اور شکل ہے تو اوسکے لئے اور
[illegible] دیکھو بیان علامت + مگر [illegible] کی جمع کسی صورت میں [illegible]

فائدہ صدم الفاظ مذکر و مونث کی جمع حروف حامل کے آنے سے [illegible]
یوں [illegible] ہے جیسے ایڑی ایڑیاں [illegible] سندرہ بندو [illegible] + ساقی
مرد مردو دن [illegible] وغیرہ لیکن جنکے مفہوم پر [illegible] یا جنس کا اطلاق ہو کبھی
جمع نہیں ہوتی [illegible] کہ اوس میں الگ الگ ہونا [illegible] جیسے جانور [illegible] +
وغیرہ + ما معدود [illegible] الاایچیاں اور [illegible] وغیرہ [illegible]
[illegible]

اس سے کہ خبر مذکر ہو یا مونث + اور واحد ہو کہ جمع جیسے اوسکے لڑکا ہوا۔ تیرے لڑکی ہوئی وغیرہ وزیر سے پہونچاے پڑیان سنگ دلدار تک مری + لیجاے جو بچ مین جو نہین ہین ہمارے ہاتھ + ایساہی کہنا اوسکے سبزہ آغاز ہوا۔ اسکے پیٹ رہگیا۔ اسکے لات ماری اوسکے چھریان ہوگئین۔ اسکے ٹھنڈیان نکلین۔ میرے لڑکا ہوگا وغیرہ پس ان مثالونمین لفظ (تئین) یا (کو) مقدر ہے یعنے کہنا کہ (اوسکے سبزہ آغاز ہوا) گویا یہ کہنا ہے کہ (اوسکے تئین یا اوسکو سبزہ آغاز ہوا)+

فائدہ نو دو پنجم لفظ چاہیئے ماضی مذکر کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے اگرچہ دلالت مونث پر کرتا ہے جیسے لاکھس گاڑا چاہیئے + اور لفظ (سے) اوسکے ساتھ مستعمل نہین ہوتا ہے کیونکہ اس صورت مین وہ فعل فعل نہین رہتا بلکہ امر ہو جاتا ہے آتش سے روزن دیوار چشمون کو بنایا چاہیئے + خانگی معشوق سے آنکھین لڑایا چاہیئے +

فائدہ نو دو ششم مصدر کو جب دوسرے فعل کے ساتھ مرکب کرتے ہین اوسکی علامت کو محذوف کر دیتے ہین جیسے (مین نے اوسکو نکال پایا) وغیرہ پھر اگر تانیث کے لئے برتنا ہو تو ثانی تبدیل پاتا ہے اور اول بحال خود رہتا ہے جیسے کہتے ہین (فلان عورت پکا جانتی ہے) رند سے نظر لطف بھی تم جانتے ہو خود لیکن حیف تو یا فقط آنکھ ہی غصہ کی دکھا آتی ہے + فاتحہ رند کی تربت پر پڑھ ہو پھول چڑھا + کیا نہین شمع ہی مرقد پر جلا آتی ہے + اسیر سے جیتا ہون تو کہتے ہین پھر کس کام کا جینا + مرتا ہون تو کہتے ہین تجھے مرنہین آتا + غالب سے ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہون + ورنہ کیا بات کرنہین آتی + مولف سے ہاے وہ لب ہلا کے رہ جانا + ابھی کچھ بات کرنہین آتی +

فائدہ نو دو ہفتم جب عدد بیان ہو اور اوس سے کثرت بتانا منظور ہو تو جمع کی ضرورت باقی نہین رہتی ناسخ سے تھی نہ امید رہائی کی دل ناسخ کو + لاکھ زنجیر تری گیسو کے خمدار کی تھی + آتش سے دلکو اون آنکھونکا دیوانہ سمجھ صحرا نے + سیکڑون ہی مجھے خوش چشم ہرن دکھلایا + ایضاً سے آہ شرر فشان کا بترا ہو شب فراق + لاکھون مکان ادھر سے ہزارون مکین جلا + ریختہ دہلوی سے

لطف وکرم فرمایئے ۔ سو چکی ہوئی ہے کبھی جور رہا دو چار دن ۔ ہونا مصدر تھا اسکے الف کو
یاے حروف سے بدل کر ہوئی کہا اسیطرح ناسخ ؎ جواب میں وہ آپکا کیوں بات
کرے وعدہ ۔ یعنے کہ جدائی میں مجکو نیند آئی ہے آنا مصدر تھا اوسکو آئی کہا + مگر اس
تبدیل کو دو شرطیں ضرور ہیں اول یہ کہ وہ مصدر لازم ہو نسیم ؎ سمجہا یہ اوسے تو جانا
آسمان سے ان بھی جان دیتا ۔ دوم یہ کہ مبتدا اور خبر کے درمیان حرف اضافت
واقع ہو ذیرہ ؎ کب گوارا ہے پہننا مجکی پوشاک کا ۔ ہوئے ڈھیلا صعف سے اوترے یہ
جامہ خاک کا ۔ نسیم ؎ انسان وپری کا سامنا کیا ۔ مٹی میں ہوا کا تھامنا کیا +
لیکن دہلی لکھنؤ کے محاورے میں فرق ہے یعنے دہلی والے ہمیشہ اس قاعدے کے پابند ہیں
اور لکھنؤ والے کا ہے اسکا لحاظ رکھتے ہیں چنانچہ امانت کہتے ہیں ؎ سرشک دیدہ ہر
تر سے دہوڈالونگا عصیان کو ۔ انہیں چشموں سے ابدال آبرو محشر میں پانی ہے ۔
اور نسیم کہتے ہیں ؎ جانا کہ یہ زلف کف میں لینی ۔ ہے سانپ کے منہ میں انگلی دینی
اور گاہے اسکے خلاف کہتے ہیں وزیر ؎ آمادہ ہوں پھر کہیں تنہ شکنی پر ۔ قلعل کی صدا
مجکو شنانا نہیں اچھا ۔ یعنی شنانی نہیں اچھی کی جگہ کہا سنانا نہیں اچھا نسیم ؎
تنگ آیا تو دیکھہ قید خانہ ۔ آسان نہیں گرہی کا اوٹھانا ۔ ایسا ہی جمع میں بھی وزیر ؎
اوسے در وا رو کا اٹھانے گرانی تراہ ۔ سیکڑوں روزن بنانے تھے تجھے دیوار میں
مولف کہتا ہے کہ صاحب دریائے لطافت نے یہ جمع کی مثال کسطرح دی کیونکہ روزن مذکر ہے
اور سیکڑوں کے واسطے حرف تھے کا آنا ضرور ہے + بنانا مصدر کا الف بھی
یاے مجہول سے بدل گیا + حالانکہ صاحب دریائے لطافت یہ قاعدہ اوس حالت میں
لکھا ہے کہ جب مبتدا مونث ہو اور خبر مصدر اور یہاں مبتدا مذکر ہے اور خبر مصدر
فائدہ نود وسوم لفظ معنی کا واحد مذکر ہے یا جمع مذکر + کہیں مونث دیکھنے میں
نہیں آیا نسیم دہلوی ؎ مطلب کی بات کہہ ہمکے اول سے تابسحر معنی بھی منہ
چہپائے ہوئے گفتگو میں تھے ۔ اسیر ؎ دیا مومن راہ راست دلیل عروج ہے معنی
یہ خط استوا کے ہیں ۔ لیکن اوسکی جمع لفظ معانی واحد مونث بولی ہے ۔
فائدہ نود و چہارم لفظ (کے) بجائے لفظ (کو) کے اکثر مستعمل ہوا کرتا ہے جیسے

متن صفحہ

کچھہ فوائد کتاب دو سرے لکھے جاتے ہین

فائدہ ہشتاد و دوم بعضے الفاظ مذکر کے آخر مین الف یا ہاے مختفی علامت مذکر نہین ہوتی لیکن صورت جمع مین فعل کے ضمیر جمع کی جاتی ہے واحد نہین آتی ہے جیسے دہوئین اور ٹرگئے ،، اور دہوان اور ٹرگیا محاورہ نہین ہے +

مولف کتاب ہذا کہتا ہے کہ اسیطرح بعض لفظ ایسے ہین کہ وہ واحد نہین بولے جاتے + جب بولینگے جمع بولینگے جیسے لوگ کا لفظ کیونکہ یہہ لفظ علامت جمع کی ہے + اور اسیطرح معنی کا لفظ ہے مگر بعض اوستادون نے اسکو واحد بھی باندہا ہے نسیم دہلوی سے مطلب کی بات لکھہ نہ سکے اون سے رات بھر ؛ معنی بھی منہ چھپاے ہوے گفتگو مین تھا ؛ مگر بہت جمع باندہتے ہین

فائدہ ہشتاد و نہم جو لفظ مذکر یا مونث ہو اوسکی جتنی صورتین بدلینگی یا جو کچھہ افراط و تفریط اور تغیر و تبدل اوسکے حروف مین واقع ہو گا وہی رہیگا جیسے پشواز اور پیشواز تپاک اور طپاک اور تہ اور تہاہ اور دامن اور داماں اور نشتر اور نیشتر + اور سکندر اور اسکندر +

فائدہ نودم جب علامت جمع کہ ہین کا لفظ ہے جملے مین موجود ہو اور فاعل یا مفعول جسکی تبعیت فعل کو لازم ہوتی ہے مونث ہو تو فعل کو جمع کرنا لازم نہین جیسے (رنڈیان گئی ہین) کہینگے نہ کہ (رنڈیان گئین ہین) مگر گلزار نسیم مین نسیم نے اسکے خلاف باندہا ہے ؛ سہ تھا اک کہال پیر دیرین ؛ جیسے کی نہین وسینے آنکھین دیکھین + آنکھین دیکھی چاہتا تھا اور سواے نسیم کے اور کسی نے ایسا نہین استعمال کیا +

فائدہ نود و یکم جب فعل مرکب ہو شق اول دو نون حال مین جمع نہین کیا جاتا جیسے روٹیان دی گئین کو روٹیان دین گئین + اور روٹیان دی گئی ہین کو روٹیان دین گئین ہین نہ کہینگے +

فائدہ نود و دوم جب مبتدا مونث ہو اور خبر مصدر تو حرف آخر اوس خبر (یعنے مصدر) کا یاے مونث سے بدل جاتا ہے جیسے صبا کہتے ہین سے اک تو میرے حال ہے

ہندہ صغیر کے نزدیک اصل میں سبھی شہر یا ماہ کا العلامانی الدین ہے مگر عورتوں کے محاورہ میں
بعض مہینے جیسے تیرہ تیزی بارہ وفات شب برات عید بقرعید مونث ہیں +
اور محرم وغیرہ مذکر اور بعض انہیں سے شعر کے محاورہ میں بھی ہیں +
فائدہ جس کلمہ کے آخر میں لفظ آب آتا ہے مانند تالاب دولاب سیلاب سماب
پیلاب وغیرہ کے مذکر بولا جاتا ہے +
فائدہ جس کلمہ کے آخر میں لفظ دان ہے مانند خاندان دودمان آسمان کے مذکر ہیں
باستثنا ریسمان کے کہ یہ استعمالاً مونث ہے +
فائدہ جس لفظ کے آخر میں لفظ واں ہے وہ اکثر مذکر بولا جاتا ہے مانند کارواں
پچواں تاواں لیٹواں آنواں جاواں پرچھاواں ساواں پہلاواں
کنواں دسواں پانچواں ساتواں آٹھواں نواں دسواں وغیرہ سوا فارسی کے
لفظ نواں کے کہ یہ مونث ہے +
فائدہ جس لفظ ہندی کے آخر میں کلمہ ویں آتا ہے وہ مونث بولا جاتا ہے مانند پانچویں
ساتویں نویں دسویں گیارہویں بارہویں وغیرہ +
انتباہ مولف کہتا ہے کہ یہ فوائد جو صاحب کتاب نے بطور کلیہ کے لکھے ہیں اس سے
کسی قاعدہ کا استنباط نہیں ہوتا مگر ہاں یوں سمجھنا چاہئے کہ (واں) میں الف علامت
مذکر اور (ویں) میں یائے تحتانی علامت مونث ہے بسبب تبدیلی باہمی کے مذکر مونث
ہو سکتے ہیں +
فائدہ بست و ششم جس لفظ کے آخر میں کلمہ (بار) آتا ہے مانند دربار رنگبار
کاروبار گھربار دربار وغیرہ کے مذکر بولا جاتا ہے سوائے جونبار کے کہ یہ بعضوں کے
عندیہ میں مونث ہے + بندہ صغیر کے نزدیک جونبار اسم صحیح ہے اسکو مذکر مونث کہنا بیجا ہے +
فائدہ بست و ہفتم جس کلمہ کے آخر میں لفظ (کار) آتا ہے مانند سرکار زردکار
بیگار جھنکار کھنکار پھنکار ڈکار وغیرہ کے مونث بولا جاتا ہے +

اور غالباً دہلوی سے بھی اپنے اردو رقعون مین اردو کو مذکر لکھا ہے جسکا ذکر تعجب ہے جناب آزاد نے تذکرہ آب حیات مین کیا ہے +

فائدہ ہفتاد و ششم اعداد سے جملہ اسماء معدود مذکر کے ساتھ مذکر اور معدود مونث کے ساتھ مونث بولے جاتے ہین مثلاً ایک کام کو (ایک کام کیا) اور سو کامون کو (سو کام کیئے) بولینگے اور ایک بات کو (ایک بات کی) اور سو باتون کو (سو باتین کین) کہینگے مولف کتاب ہذا کے نزدیک اعداد کی تانیث و تذکیر کچھہ نہین اپنے معدود کے تابع ہین پھر اسکو قاعدہ سمجھنا کیا ضرور + تا ان کسی چیز کی تعداد بیان کی جاے فعل مین اوسکے بجاے مذکر ہو تو مذکر اور مونث ہو تو مونث کر دیتے ہین اور کبھی فعل مین جمع کی جگہ واحد ہی کی ضمیر آتی ہے اسکی کیفیت نحو مین لکھی جائیگی +

فائدہ ہفتاد و ہفتم آواز کے جتنے اسماء ہین مانند کو کو قلقل چٹ چٹ غٹ غٹ چھم چھم دہم دہم دہڑا دہڑ اتر اتر وغیرہ سب مونث بولے جاتے ہین +

مولف کے نزدیک اسمین بھی آواز ما فی الذہن ہے + مگر وہ شے جس سے یہہ آواز نکلے اگر وہ مذکر ہے تو مذکر اور اگر مونث ہے تو مونث بولنا ہوگا مثلاً برق لامع نہین ہے تڑاتڑ زور زور ایسی لگائین + کہ اوسکی ناک اور آنکھین سوجائین + یعنے جوتیان لگائین مگر سب لفظون کے ساتھہ شاید اسکا برتاو نہو سکے پس وہی آواز ما فی الذہن رہیگی + اور اوسیکے سبب سے یہہ الفاظ تانیث کہلائینگے +

فائدہ ہشتاد و ھشتم بحر بمعنی وزن شعر کے جملہ اسماء مثل طویل مدید بسیط ہزج رجز رمل وغیرہ کے مونث استعمال پاتے ہین + اسمین بھی بحر کا لفظ ما فی الذہن ہے +

فائدہ ہشتاد و نہم مہینون کے جتنے نام ہین خواہ عربی ہون خواہ فارسی خواہ انگریزی خواہ ہندی کے مانند محرم صفر ربیع الاول ربیع الثانی جمادی الاول جمادی الثانی رجب شعبان رمضان شوال ذیقعدہ ذی الحجہ عربی + اور + آبان دے اردی بہشت بہمن اسفندیار وغیرہ فارسی + اور + جنوری فروری مارچ اپریل می جون جولائی اگست ستمبر اکتوبر نومبر انگریزی + کوار کاتک اگہن وغیرہ +

فائدہ ہفتاد و ششم اور سینکا اور ترہیا اور گھٹیا وغیرہ جو کلے صفت کے ہیں وہ بھی اشیا مذکر کے ساتھہ مذکر اور اشیا مونث کے ساتھہ مونث بولے جاتے ہیں مثلاً سینکا کا اطلاق گلدان اور شالباف (جسکو پورب میں رس کا ایک رنگ کہتے ہیں) دونوں پر کیا جائیگا۔ اور ترہیا گھٹیا میں سنکھہ اور ترپٹ دونوں کو کہینگے +

فائدہ ہفتاد و ہفتم زبان کے جتنے نام ہیں مانند عربی یونانی عبرانی رومی ترکی فارسی انگریزی ہندی بہاکا ٹشو سنسکرت وغیرہ سب مونث بولے جاتے ہیں سوائے اردو کے کہ ہم مولف (یعنے کارآمد شعرا) کے عہد میں مذکر ہے +

مولف کتاب ہذا کہتا ہے کہ اسمیں سے زبان کا لفظ مافی الذہن ہے کیونکہ کسی ترکیب سے بولے زبان کا لفظ اوسکے ساتھہ لگا ہوا ہے پھر اردو کو مذکر کہنا کیا مرو ہے یا زبان کی جگہ بولی کا لفظ مافی الذہن ہوگا + پس عربی زبان یونانی زبان عبرانی زبان وغیرہ سمجھی جائیگی اور اسی طرح اردو زبان عربی بولی یونانی بولی عبرانی بولی اردو بولی علی ہذا القیاس اور ایسا کوئی محل خیال میں نہیں آتا جہاں زبان یا بولی کا لگاؤ اوسکے ساتھہ نہ سمجھا جائے اور فقط عربی یونانی وغیرہ کو مذکر یا مونث سمجھیں + ہاں اگر زبان یا بولی کی جگہ قول کا لفظ مافی الذہن ہو تو سب مذکر بولے جائینگے مگر یہہ تذکیر قول کے تعلق کے سبب سے ہے + جیسے زبان یا بولی کے لفظ کے سبب سے تانیث + کچھہ لفظ عربی یونانی۔ یا اردو کو اسمیں دخل نہیں + میرے عہد میں یہہ سب مونث ہیں کیونکہ زبان کا لفظ مافی الذہن رہتا ہے + اور اگر یہہ کہا جائے کہ صرف عربی یونانی وغیرہ کو بھی مونث بولتے ہیں جیسے عربی لکھی ہے یونانی لکھی ہے وغیرہ + تو میں کہونگا اس تقریر میں (تحریر) اور (کتابت) یا (لکھاوٹ) کا لفظ مافی الذہن ہے کیونکہ ایسے فقرے کتابت کے لئے بولے جاتے ہیں + نہ کہ زبان کے لئے بہرحال میرے نزدیک کسی طرح تانیث اسکی نہیں جاتی + اور تذکیر کسیطرح انہیں نہیں آتی + اور اگر عربی تاری ترکی وغیرہ میں یا نسبت سمجھی جائے تو جہاں سب کے ساتھہ بولینگے تو وہ مذکر ہے اور جہاں زبان سے مراد ہوگی وہ مونث ہے + اور اسکو صاحب کارآمد شعرائے بھی مقبول کیا ہے +

ور اردو کا لفظ بھی میرے نزدیک مونث ہے اگرچہ صاحب کارآمد شعرا مذکر کہتے ہیں

اُوا سکو شمشیر پھینکی - یا شمشیر آئی - اور تاج پھینکی یا تاج آئی کھینگے - اور جب بافردلو پتا کہینگے تو مذکر بولینگے جیسے شمشیر کا پتا پھینکا - مگر میرے نزدیک تاج عقیقہ غلام جناب سرخ قماش مذکر ہین اور شمشیر ہرات مونث

فایدہ بھتا دو چہارم رنگ کے جتنے نام ہین مثل آسمانی زعفرانی دھانی آبی گلابی بادامی نارنجی شربتی اگری چمپئی فالسائی سنہری وغیرہ کے اشیاے مذکر کے ساتھ مذکر اور اشیاے مونث کے ساتھ مونث آتے ہین - شلا آسمانی دھانی چمپئی سنہری کا اطلاق پیراہن اور قبا اور انگرکھا ٹوپی دونون پر ہوتا ہے مولف عرض کرتا ہے کہ میری نزدیک ان سب رنگون مین یاے نسبت ہے - اپنی حالت پر رہنے سے انمین مونث مذکر کسیکا اطلاق ہوگا - مگر جس چیز پر یہ رنگ ہونگے اگر وہ چیز مذکر ہے تو مذکر اور اگر مونث ہے تو مونث کہی جائیگی نہ کہ رنگ یعنی ان رنگون کے ساتھ نام اون چیزون کا جن پر یہ رنگ ہین کہنا ضرور ہوگا جنپر یہ رنگ ہون - جیسے آسمانی قبا اور آسمانی انگرکھا - پہلے کے ساتھ یعنی فعل مونث کی ضمیر کا اور دوسرے کے ساتھ یعنی فعل مذکر کی ضمیر کا بولا جائیگا - پس اس قاعدہ کا کچھ حاصل نہین ہے - بلکہ ان رنگون کے ساتھ اگر رنگ کا لفظ بھی لگا دیا جائیگا - تو وہ چیز جس پر رنگ اگر یہ مونث ہو یا مذکر - ضمیر فعل مین کسیکا اشارا ہوگا مگر لفظ رنگ کا - اور صفت میں سب رنگ مذکر بولے جائینگے - مثلا اوس انگرکھے پر کیا آسمانی رنگ تھا اوس چادر پر کیا اچھا آسمانی رنگ تھا - وعلی ہذا القیاس

فایدہ پنجم دو ہیم صاحب کا آمد شعرا تیسری فصل مین لکھتے ہین کہ نیلا مونگیا سیاہ ابیا وغیرہ کہ ہر ایک کلمہ انمین سے ایک رنگ خاص کا نام ہے مذکر چیزون کے ساتھ مذکر اور مونث چیزون کے ساتھ مونث آتا ہے مثلا نیلا کمیت گھوڑا گھوڑی دونون کو بولینگے - اور مونگیا کا اطلاق لحاف اور رضائی دونون پر کرینگے اور سیاہ ابیا کبوتر اور کبوتری دونون کو کہینگے -

مار ہو تو دیکھو سراپا میں عورت کا سراپا لکھا جاتا ہے جب ہی اسم صفت معشوق کے ذکر
ادا ہو جاتے ہیں۔

فایدہ ہفتاد و یکم شراب کے جتنے نام ہیں سب مؤنث ہیں سوای بادہ کے فارسی میں
اور نہوں کے ہندی ہیں۔

فایدہ ہفتاد و دوم جملہ ستاروں کے نام مؤنث بولے جاتے ہیں سوا زہرہ ناہید
مشتری مریخ کے کہ چاروں اسم مؤنث آتے ہیں **ناسخ** لقد جان لالی ہی تالے
صول اور اوس ماہ سے + مشتری رکھا ہے نام اتنے لیے مریخ کا ۔ سراعلام
کچھ سر کھعاں فقط نہیں + کہتی ہے مشتری بھی بہتر اور جریدہ ہوں
مؤلف کہتا ہے کہ کار آمد شعرا کی ان مثالوں سے مؤنث ہونا کچھ ضرور نہیں کہ شاید
کیونکہ کتابت کی غلطی بھی ہو سکتی ہے یعنی لقد جان لایا ہے۔ اور کہتا ہے مشتری کہا
کہہ سکتے ہیں چنانچہ اکثر الفاظ میں صاحب کار آمد شعرا کو بھی شک ہو گیا ہے اور
کاتب کی غلطی پر محمول کیا ہے۔ بیشک ایسی مثالوں سے تشکیک نہیں ہو سکتی۔
مگر پہلے مشتری کے لفظ کو مذکرات میں لکھا ہے اور اسکی مثال کسی اوستاد کے
کلام میں پائی تھی افسوس اصل مسودہ ایسا گم ہو گیا کہ اب نہیں ملتا اور نہ اب اتنی
مہلت اور فرصت ہے جو پھر دیوان وغیرہ دیکھ کر مثال نکالوں۔ مجھے اس لفظ کے مذکر
ہونے کا بھی یقین ہے اسلیے اصلی یای معروف کے قاعدے میں پہلے مشتری کو
داخل کر دیا ہے۔ مقلد کو اختیار ہے مذکر باندھے یا مؤنث

فایدہ ہفتاد و سوم گنجفہ کے آٹھوں بازیوں کے نام یعنی تاج سفید شمشیر
غلام چنگ سرخ برات قماش مؤنث آتے ہیں۔ مؤلف کہتا ہے کہ اسکی
وجہ بھی یہی ہے کہ فرد یا بازی کا لفظ قایل کے ذہن میں ہوتا ہے جیسے کہا جاتا ہے
شمشیر کی فرد پھینکی۔ یا شمشیر کی بازی آئی۔ یا تاج کی فرد پھینکو۔ اور تاج کی بازی آئی

التماس

اب کچھ فوایدِ رسالہ کار آمد شعرا۔ اور رسالہ دو پیکر سے ضم کئے جاتے ہیں۔ مع انتباہ اور اطلاع کے۔ اور کچھ فواید اور جو مجھے کلام اساتذہ سے معلوم ہوئے ہیں وہ بھی شامل کئے جائینگے۔ اور سلسلہ فواید کا برابر چلا جائیگا۔

فایدہ ہفتادم بقول صاحب کار آمد شعرا۔ معشوق کے جتنے القاب ہیں مثل دلبر۔ ستمگر۔ بیداد گر۔ شوخ۔ گل۔ ماہ۔ مہر۔ محبوب۔ گلعذار۔ پری رخسار۔ سیمتن۔ گلبدن۔ جنگجو۔ خوبرو۔ تندخو۔ حور۔ پری۔ جلاد۔ ستم ایجاد۔ قاتل۔ زہرہ شمایل وغیرہ سب کو شعرا مذکر استعمال کرتے ہیں۔

اسیطرح عاشق کے جتنے القاب ہیں مانند بیتاب۔ بیخواب۔ بیقرار۔ دل فگار۔ رنجور۔ مہجور۔ جانباز۔ جان نثار۔ بیخود۔ دیوانہ وغیرہ سب کو شعرا مذکر باندھتے ہیں۔

تنبیہ مؤلف عرض کرتا ہے کہ یہ بات مخصوص غزل کے واسطے ہے۔ گو بعض شعرا نے بعض جگہ معشوق کو مونث کی ضمیر سے بھی باندھا ہے۔ مگر عام طریقہ یہی ہے کہ معشوق کے **القاب** مذکر استعمال کئے جاتے ہیں۔ مگر مثنوی میں یا قصہ میں جب معشوق عورت ہو تو اوسمیں یہ القاب مونث استعمال ہونگے۔ اور معشوق مرد ہو تو مذکر۔ اصل یہ ہے کہ یہ سب الفاظ اسم صفت ہیں اور مونث اور مذکر میں مشترک۔ یعنی اگر معشوق عورت ہے اور عاشق مرد۔ تو جو اسم جسکے واسطے کہنا مناسب ہوگا اوسی شخص کی مناسبت سے کہا جائیگا۔ یعنی نبی بخش (مرد) کل رات کو بیتاب تھا۔ اور بندی جان (عورت) آج دن بھر بیتاب رہی۔ وعلی ہذا القیاس۔ مگر دیوانہ کا اسم صفت خاص مرد کے لئے ہے اور عورت کیواسطے اوسی تحتی کو یای معروف سے بدلینگے اور کہینگے دیوانی۔ ہان کبھی نیت عورت کے لئے بھی دیوانہ کا لفظ بول جاتے ہیں۔ جیسے نسیم لکھنوی بکاولی کی قید کی نسبت اپنا مقولہ لکھتے ہیں۔ دیوانہ کی مطلق العنانی ہے باعث ننگ نا گہانی مگر واسطے حفت

یں معد

علامت	وضاحت
مسلسلہ	جیسے نائکا
